ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ہر گھر کو ایک ہی دن پانی ملنا چاہیے تاکہ لوگ اپنے ٹائم ٹیبل بنا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے ہمیشہ ہر فورم پر کہا ہے کہ ہمارے پانی پر ڈاکہ ڈالنے والوں کو روکا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہجرہ کے کسان اپنی زمین کے آخری ٹکڑے تک پانی پہنچانے کے لیے تیار ہیں، مگر انہیں بھی برابر کا حق ملنا چاہیے۔

ستون 56

کی پیمائش کی۔ ان کا کہنا تھا کہ ہر گھر کو ایک ہی دن پانی ملنا چاہیے تاکہ لوگ اپنے ٹائم ٹیبل بنا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے ہمیشہ ہر فورم پر کہا ہے کہ ہمارے پانی پر ڈاکہ ڈالنے والوں کو روکا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہجرہ کے کسان اپنی زمین کے آخری ٹکڑے تک پانی پہنچانے کے لیے تیار ہیں، مگر انہیں بھی برابر کا حق ملنا چاہیے۔

ستون 57

ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ہر گھر کو ایک ہی دن پانی ملنا چاہیے تاکہ لوگ اپنے ٹائم ٹیبل بنا سکیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے ہمیشہ ہر فورم پر کہا ہے کہ ہمارے پانی پر ڈاکہ ڈالنے والوں کو روکا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہجرہ کے کسان اپنی زمین کے آخری ٹکڑے تک پانی پہنچانے کے لیے تیار ہیں، مگر انہیں بھی برابر کا حق ملنا چاہیے۔

جمال شاہ کاکڑ نے نواز شریف انٹرنیشنل سول ایوارڈ کی سلیکشن کمیٹی کا اعلان کر دیا

امر بالمعروف ونہی عن المنکر اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED
روزنامہ اطلاع عام کوئٹہ
چیف ایڈیٹر:۔ محمد عمر

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و چیئرمین ایوارڈ سلیکشن کمیٹی جمال شاہ کاکڑ نے دی رئیل ڈیموکریٹ میاں محمد نواز شریف انٹرنیشنل سول ایوارڈ 27-2026 کے لیے دو سالہ سلیکشن کمیٹی کے ممبران کے ناموں کا اعلان کر دیا ہے۔ اعلان کردہ کمیٹی میں مرکزی سطح سے سردار ایاز صادق، خواجہ سعد رفیق، سردار یوسف گجر، مرتضیٰ جاوید عباسی، کھیل داس کوہستانی اور رانا مبشر شامل ہیں، جبکہ بلوچستان سے ملک ابرار، غلام حیدر اچکزئی اور شاکر محمد حسنی کمیٹی کے رکن ہوں گے۔ یہ ایوارڈ بلوچستان انٹرنیشنل تھنک ٹینک اور فرینڈز آف

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 5 پر)

اڈیالہ جیل میں ملاقات سازش، انتظار پنجوتھا کو بھی منظم منصوبے کے تحت ہٹایا گیا، نعیم پنجوتھا

اب جو بھی بات ہوگی، براہ راست بانی پی ٹی آئی سے ہوگی، وقت کا انتظار ہے، بیان

اسلام آباد (جی این ایم) تحریک انصاف کے رہنما اور وکیل نعیم پنجوتھا نے اڈیالہ جیل میں ہونے والی ملاقات کو سازش قرار دیتے ہوئے انتظار پنجوتھا کو بھی منظم منصوبے کے تحت ہٹائے جانے کا الزام عائد کر دیا۔ اپنے ایک بیان میں نعیم پنجوتھا کا کہنا ہے کہ ایک ایجنڈے کے تحت انتظار پنجوتھا کے خلاف منصوبہ بندی کی گئی اور مسلسل گمراہ کیا گیا۔ انہوں نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی نہ اس روز اور نہ ہی اس سے پہلے انتظار پنجوتھا کو ہٹانا چاہتے تھے۔ نعیم پنجوتھا نے کہا اب جو بھی بات ہوگی، براہ راست بانی پی ٹی آئی سے ہوگی، وقت کا انتظار ہے۔ انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کو باہر نکالنے کے بجائے یہاں اپنے ہی لوگوں کی ٹانگیں کھینچی جا رہی ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ ہم بانی پی ٹی آئی کے ساتھ کھڑے ہیں اور ہمارا لیڈر باہر آ کر رہے گا۔ ملاقات کو سازش قرار دیتے ہوئے انتظار پنجوتھا کو بھی منظم منصوبے کے تحت ہٹائے جانے کا الزام عائد کر دیا۔ اپنے ایک بیان میں نعیم پنجوتھا کا کہنا ہے کہ ایک ایجنڈے کے تحت انتظار پنجوتھا کے خلاف منصوبہ بندی کی گئی اور مسلسل گمراہ کیا گیا۔ انہوں نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی نہ اس روز اور نہ ہی اس سے پہلے

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 5 پر)

دھمکیوں کے باعث نوشکی کا وژن پبلک سکول بند، سینکڑوں طلبہ کی تعلیم متاثر

کوئٹہ (یو این اے) نیشنل پارٹی کے صوبائی ترجمان نے نوشکی میں وژن پبلک سکول کو مسلح افراد کی جانب سے مسلسل دھمکیاں ملنے اور تعلیمی سرگرمیاں بند ہونے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان پہلے ہی تعلیمی پسماندگی کا شکار ہے، ایسے حالات میں تعلیمی اداروں کو دھمکیاں دینا تعلیم دشمنی کے مترادف ہے۔ صوبائی ترجمان نے اپنے بیان میں کہا کہ مسلسل دھمکیوں کے باعث وژن پبلک سکول نوشکی میں درس و تدریس کا عمل مکمل طور پر بند کر دیا گیا ہے، جس سے سینکڑوں بچوں کی تعلیم متاثر ہونے کے ساتھ ان کا مستقبل بھی داؤ پر لگ گیا ہے،

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 5 پر)

ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم خشک، پہاڑی علاقوں میں سردی کی پیشگوئی

لاہور (اے این این) محکمہ موسمیات نے آئندہ 12 گھنٹوں کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم خشک جبکہ پہاڑی علاقوں میں سرد رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق مقبوضہ کشمیر کے مختلف علاقوں میں آج صبح ریکارڈ کیے گئے درجہ حرارت میں سری نگر، انت ناگ اور شوپیاں میں 8، جموں میں 17، لیہہ میں منفی 3، پلوامہ اور بارہمولہ میں 7 ڈگری سینٹی گریڈ درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات نے آئندہ 12 گھنٹوں کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم خشک جبکہ پہاڑی علاقوں میں سرد رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آج صبح ریکارڈ کیے گئے درجہ حرارت کے مطابق اسلام آباد میں 12، لاہور میں 19، کراچی میں 24، پشاور میں 15، کوئٹہ میں 4، گلگت میں 6، مری میں 7 اور مظفر آباد میں 10 ڈگری سینٹی گریڈ درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا۔ دوسری جانب مقبوضہ جموں و کشمیر میں موسم کی صورتحال کے حوالے سے محکمہ موسمیات نے بتایا ہے کہ سری نگر میں مطلع جزوی ابر آلود رہنے اور ہلکی بارش کا امکان ہے، جبکہ لیہہ، پلوامہ، انت ناگ، شوپیاں اور بارہ مولہ میں مطلع جزوی ابر آلود رہنے کے ساتھ ہلکی برف باری متوقع ہے۔ جموں میں موسم ابر آلود اور خشک رہنے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق مقبوضہ کشمیر کے مختلف علاقوں میں آج صبح ریکارڈ کیے گئے درجہ حرارت میں سری نگر، انت ناگ اور شوپیاں میں 8، جموں میں 17، لیہہ میں منفی 3، پلوامہ اور بارہمولہ میں 7 ڈگری سینٹی گریڈ درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات نے آئندہ 12 گھنٹوں کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم خشک جبکہ پہاڑی علاقوں میں سرد رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمہ موسمیات کے

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 5 پر)

ملک کا سیاسی اور معاشی نظام چند ہاتھوں میں یرغمال ہے، حافظ نعیم

اگر پنجاب جاگ جائے تو ملک بھر میں انقلاب برپا ہوسکتا ہے، ملک میں نظام کی تبدیلی کے لیے جماعت اسلامی کے علاوہ کوئی دوسرا آپشن نہیں

سیاسی جماعتوں کی لڑائی عوام کیلئے نہیں بلکہ ذاتی مفادات کے لئے ہوتی ہے، عدل و انصاف پر مبنی نظام قائم کرنا ہماری ذمہ داری ہے، خطاب

لاہور (جی این ایم) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ پنجاب کی آبادی پاکستان کی آدھی آبادی سے زیادہ ہے، اگر پنجاب جاگ جائے تو ملک بھر میں انقلاب برپا ہوسکتا ہے۔ لاہور میں کل پنجاب اجتماع ذمہ داران سے خطاب کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ موجودہ سیاسی جماعتوں کے پاس عوامی مسائل کا حل نہیں، ملک میں نظام کی تبدیلی کے لئے جماعت اسلامی کے علاوہ کوئی دوسرا آپشن نہیں۔ جماعت اسلامی کو پنجاب میں بڑی سیاسی جماعت اور ملک بھر میں بڑی پارلیمانی قوت بن کر سامنے آنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں جو خود کو منوا لیتا ہے، ملک بھر میں اسی کی سیاست چلتی ہے۔ اب وقت آ چکا ہے کہ جماعت اسلامی پنجاب میں بڑی سیاسی جماعت بن کر سامنے آئے۔ بہت جلد جماعت اسلامی ملک بھر میں بڑی پارلیمانی قوت بنے گی۔ حافظ نعیم الرحمان کا کہنا تھا کہ ملک کا سیاسی، سماجی اور

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 5 پر)



کوئٹہ: چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر مرزا اعزاز بیگ سے ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب غلام سرور بروہی ملاقات کر رہے ہیں

ملک کو معاشی استحکام اور قومی ترقی کے لیے مشترکہ حکمت عملی کی ضرورت ہے، ہمایوں اختر

معیشت کی مضبوطی کے لیے پیداواری شعبوں خصوصاً زراعت اور کسانوں کو ریلیف دینا ہوگا

لاہور (اے این این) سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کہا ہے کہ پاکستان اس وقت متعدد معاشی اور سماجی چیلنجز سے دوچار ہے، ملک کو ترقی اور استحکام کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے قومی سطح پر ایسی حکمت عملی اپنانا ہوگی جس میں معاشی بحالی، عوامی خوشحالی اور ملکی مفادات کو اولین ترجیح حاصل ہو، معیشت کی مضبوطی کے بغیر ملک آگے نہیں بڑھ سکتا، اس لیے معیشت میں حصہ ڈالنے والے تمام پیداواری شعبوں کو ریلیف دینا ہوگا، خصوصاً زراعت اور کسانوں پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے این اے 97 کے دورے کے دوران علاقہ عمائدین اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد سے ملاقاتوں کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ہمایوں اختر خان اور ان کی ٹیم کی جانب سے چک نمبر 53 / 4 ٹکڑا میں بجلی کے مسائل کے حل کیلئے دو ٹرانسفارمرز بھی نصب کروائے گئے۔ علاقے میں آمد پر عوام نے ان کا پرتپاک استقبال اور ان سے بھرپور اظہار تشکر کیا۔ سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کہا ہے کہ پاکستان [illegible] پاکستان

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 5 پر)

قازقستان کے نائب وزیر خارجہ ارمان عیسی گالیوف اسلام آباد پہنچ گئے

اسلام آباد (یو این اے) قازقستان کے نائب وزیر خارجہ اور وفد کے سربراہ ارمان عیسی گالیوف 30 ویں ای سی او کونسل آف منسٹرز کے اجلاس میں شرکت کے لیے اسلام آباد پہنچ گئے۔ اتوار کو ترجمان وزارت خارجہ کے دفتر سے جاری بیان کے مطابق اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر وزارتِ خارجہ کے حکام نے ان کا استقبال کیا۔ قازقستان کے نائب وزیر خارجہ اور وفد کے سربراہ ارمان عیسی گالیوف 30 ویں ای سی او کونسل آف منسٹرز کے اجلاس میں شرکت کے لیے اسلام آباد پہنچ گئے۔ اتوار کو ترجمان وزارت خارجہ کے دفتر سے جاری بیان کے مطابق اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر وزارتِ خارجہ کے حکام نے ان کا استقبال کیا۔ جمہوریہ ترکیہ کے نائب وزیر خارجہ اور ترک

(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 5 پر)

بہترین کارکردگی دکھانے والے انٹی ٹیررسٹ فورس کے اہلکاروں میں تعریفی اسناد تقسیم

فرض شناسی اور پیشہ ورانہ مہارت مضبوط فورس کی پہچان ہے، اہلکاروں کی حوصلہ افزائی جاری رہے گی: ایس پی دکی

دکی (خ ن) ایس پی دکی محمد یونس رضا نے پیشہ ورانہ صلاحیتوں، فرض شناسی، محنت اور بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے انٹی ٹیررسٹ فورس (ATF) کے اہلکاروں میں تعریفی اسناد تقسیم کیں اور ان کی خدمات کو سراہتے ہوئے حوصلہ افزائی کی اس موقع پر ایس پی محمد یونس رضا نے کہا کہ پولیس فورس کے اہلکاروں کی فرض شناسی، بہادری، نظم وضبط اور پیشہ ورانہ مہارت کسی بھی مضبوط اور فعال فورس کی بنیادی خصوصیات ہیں۔ اپنے فرائض احسن انداز میں انجام دینے والے اہلکار نہ صرف محکمے کا قیمتی اثاثہ ہیں بلکہ دیگر جوانوں کے لیے بھی قابل تقلید مثال ہیں انہوں نے کہا کہ بہترین کارکردگی دکھانے والے اہلکاروں کی حوصلہ افزائی سے فورس کے اندر مزید محنت، لگن اور ذمہ داری کے ساتھ فرائض انجام دینے کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔ دکی پولیس اپنے فرض شناس، محنتی اور بہادر جوانوں کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے اور ان کی حوصلہ افزائی کو اپنی پیشہ ورانہ روایت کا حصہ سمجھتی ہے۔ ایس پی دکی نے مزید کہا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ، امن و امان کا

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 5 پر)

ایس ایس پی نصیر آباد نے ایس ایچ او میر حسن کو معطل کر دیا

ڈیرہ مراد جمالی (اے این این) نصیر آباد چار کروڑ روپے سے زیادہ بدعنوانی این جی او کے خلاف اینٹی کرپشن نے تحقیقات کا آغاز کر دیا ذرائع کے مطابق ضلع نصیر آباد میں این جی او منزل ارگنائزیشن کی جانب سے چار کروڑ سے زیادہ رقم کی غبن کرنے پر اینٹی کرپشن نے تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے۔ نصیر آباد چار کروڑ روپے سے زیادہ بدعنوانی این جی او کے خلاف اینٹی کرپشن نے تحقیقات کا آغاز کر دیا ذرائع کے مطابق ضلع نصیر آباد میں این جی او منزل ارگنائزیشن کی جانب سے چار کروڑ سے زیادہ رقم کی غبن کرنے پر اینٹی کرپشن نے تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے۔ نصیر آباد چار کروڑ روپے سے زیادہ بدعنوانی این

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 5 پر)

ایران کا ٹرمپ پر ڈرون حملے کا منصوبہ، اسرائیل کی امریکا کو انٹیلی جنس رپورٹ

تل ابیب (اے این این) اسرائیل نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور ان کی انتظامیہ کے اعلیٰ عہدیداروں کو ایرانی ڈرون حملے کا نشانہ بنانے کے منصوبے سے متعلق امریکا کو خفیہ انٹیلی جنس معلومات فراہم کر دی ہیں جس کے بعد امریکی حکام کی سیکیورٹی مزید سخت کر دی گئی ہے۔ اسرائیلی اخبار اسرائیل ہیوم کی رپورٹ کے مطابق اسرائیلی خفیہ ایجنسی موساد نے مبینہ ایرانی منصوبے کی تفصیلات امریکی سینٹرل انٹیلی جنس ایجنسی (سی آئی اے) کے حوالے کی ہیں۔ رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ ایرانی منصوبے میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور ان کی انتظامیہ کے اہم عہدیداروں کو ڈرون حملوں کے

(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 5 پر)

شہریوں کی جان و مال کا تحفظ، اسلام آباد کے ملازمین کی رجسٹریشن کا سلسلہ تیز

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی دارالحکومت کے شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے ملازمین کی رجسٹریشن کا سلسلہ تیز کر دیا گیا ہے، شہری گھریلو ملازمین، کاروباری مراکز اور دیگر نجی یا سرکاری اداروں میں خدمات انجام دینے والے ملازمین کے کوائف کا اندراج متعلقہ پولیس اسٹیشن یا سہولت مرکز میں کرائیں، تفصیل کے مطابق اسلام آباد پولیس نے وفاقی دارالحکومت کے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے گھریلو ملازمین، کاروباری مراکز، دکانوں، کمپنیوں، تجارتی اداروں اور دیگر نجی یا سرکاری اداروں میں خدمات انجام دینے والے ملازمین کی مکمل معلومات اور ضروری کوائف کا اندراج متعلقہ

(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 5 پر)

ترکیہ کے نائب وزیر خارجہ وزرائے خارجہ کونسل اجلاس میں شرکت کے لیے اسلام آباد پہنچ گئے

اسلام آباد (یو این اے) جمہوریہ ترکیہ کے نائب وزیر خارجہ اور ترک وفد کے سربراہ موسی کلاکلی کا یا 30 ویں اقتصادی تعاون تنظیم وزرائے خارجہ کونسل کے اجلاس میں شرکت کے لیے اسلام آباد پہنچ گئے۔ ترجمان وزارت خارجہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق ایئرپورٹ پر وزارتِ خارجہ کے حکام نے ان کا استقبال کیا۔ جمہوریہ ترکیہ کے نائب وزیر خارجہ اور ترک وفد کے سربراہ موسی کلاکلی کا یا 30 ویں اقتصادی تعاون تنظیم وزرائے خارجہ کونسل کے اجلاس میں شرکت کے لیے اسلام آباد پہنچ گئے۔ ترجمان وزارت خارجہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق ایئرپورٹ پر وزارتِ خارجہ کے حکام نے ان کا استقبال کیا۔ جمہوریہ ترکیہ کے نائب وزیر خارجہ اور ترک

(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 5 پر)

عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ

واشنگٹن (اے این این) عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ کا سلسلہ جاری رہا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق اماراتی خام تیل مربن 94 ڈالرز فی بیرل میں فروخت ہوا۔ برینٹ خام تیل کے سودے 95 ڈالرز اور امریکی خام تیل ڈبلیو ٹی آئی کے سودے 88 ڈالرز فی بیرل میں ہوئے۔ عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ کا سلسلہ جاری رہا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق اماراتی خام تیل مربن 94 ڈالرز فی بیرل میں فروخت ہوا۔ برینٹ خام تیل کے سودے 95 ڈالرز اور امریکی خام تیل ڈبلیو ٹی آئی کے سودے 88

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 5 پر)

کراچی، مبینہ ڈکیتی کے دوران فائرنگ، 4 بچوں کا باپ جاں بحق

کراچی (اے این این) کراچی میں مبینہ ڈکیتی کے دوران فائرنگ سے حیدر آباد کا رہائشی اور 4 بچوں کا باپ جاں بحق ہو گیا۔ پولیس حکام کے مطابق مقتول کی حیدر آباد میں اسکول یونیفارم کی 2 دکانیں ہیں جن کی خرید و فروخت کے سلسلے میں وہ ہر ہفتے کراچی آتا تھا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ مقتول کی شناخت فرقان کے نام سے ہوئی، اس کی عمر 28 برس تھی۔ مقتول کے دوست کے مطابق فرقان کار سے اتر کر ایک کیبن سے خریداری کر رہا تھا کہ اس دوران نامعلوم ملزمان نے مبینہ طور پر لوٹ مار کی کوشش کی، مزاحمت پر ملزمان نے اسے گولی مار دی اور فرار ہو گئے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ مقتول کا موبائل فون

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 5 پر)

غزہ میں سیلاب متاثرین کی مدد کیلئے امدادی تنظیموں کو فوری رسائی دی جائے، یورپی یونین

برسلز (اے این این) یورپی یونین نے اسرائیل سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ امدادی تنظیموں کو غزہ تک فوری اور بلا رکاوٹ رسائی فراہم کرے تاکہ شدید بارشوں اور سیلاب سے متاثرہ فلسطینیوں کی مدد کی جا سکے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق یورپی یونین نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ اسرائیل انسانی امداد اور ابتدائی بحالی کیلئے درکار سامان کی مسلسل اور وسیع پیمانے پر ترسیل کی اجازت دے اور غزہ کی تمام سرحدی گزرگاہیں دوبارہ کھولے۔ رپورٹس کے مطابق حالیہ بارشوں اور سیلابی صورتحال کے باعث غزہ میں 70 ہزار خیمے زیر آب آ گئے ہیں، ان خیموں میں تقریباً 20 لاکھ آبادی کا ایک بڑا حصہ رہائش پذیر ہے،

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 5 پر)

امریکا کی مشرق وسطیٰ میں اپنے شہریوں کو اضافی احتیاط برتنے کی ہدایت

ریاض (اے این این) سعودی عرب میں قائم امریکی سفارت خانے نے مشرق وسطیٰ میں موجود امریکی شہریوں کو اضافی احتیاط برتنے اور سکیورٹی صورتحال سے باخبر رہنے کی ہدایت کی ہے۔ سفارت خانے کے جاری بیان کے مطابق حوثی حملوں اور ایران کی جانب سے دی جانے والی دھمکیوں کے تناظر میں امریکی شہری محتاط رہیں اور اپنے اردگرد کے حالات پر نظر رکھیں۔ امریکی سفارت خانے نے خبردار کیا ہے کہ سعودی عرب پر حوثی حملوں کے نتیجے میں ماضی میں شہری ہلاکتیں بھی ہو چکی ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ مشرق وسطیٰ میں جاری تنازعات تیزی سے دوسرے علاقوں تک پھیل سکتے ہیں، اس لیے خطے میں

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 5 پر)

راولاکوٹ، بچی کی ہلاکت پر اداروں کیخلاف پروپیگنڈا آڈیو لیک نے بے نقاب کر دیا

راولاکوٹ (جی این ایم) راولاکوٹ میں بچی کی ہلاکت پر اداروں کے خلاف جھوٹا بیانیہ بنانے کی سازش بے نقاب ہوگئی۔ اس حوالے سے آڈیو لیک نے شرپسند عناصر کا منصوبہ عیاں کر دیا۔ آزاد جموں و کشمیر کے امن کے دشمن فسادی جتھے کی دہشت گردی اور سفاکیت ہر گزرتے دن کے ساتھ واضح ہوتی جا رہی ہے، راولاکوٹ میں بچیوں پر فائرنگ کے واقعے سے متعلق شرپسند عناصر کی آڈیو لیک منظر عام پر آ گئی۔ سامنے آنے والی آڈیو میں شرپسند عناصر بچیوں پر فائرنگ اپنے ہی مسلح کارکنوں سے ہونے کا برملا اعتراف کر رہے ہیں۔ آڈیو میں فسادی جتھے کے کارندوں کی طرف سے سکیورٹی فورسز کو واقعے کا ذمہ دار ٹھہرانے کی منصوبہ بندی کی جا رہی ہے۔ آڈیو لیک میں جو یہ ثاقب کی المناک موت پر متاثرہ خاندان کو دبا میں لا کر من

22

ڈپٹی کمشنر دکی کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر کا بازار میں ایکشن، سڑکوں اور فٹ پاتھوں سے تجاوزات ہٹا دی گئیں

دکاندار مقررہ حدود میں رہیں، عوامی گزرگاہوں پر تجاوزات ہرگز برداشت نہیں کی جائیں گی: محمد اکرم حریفال

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمن کبدانی کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر دکی محمد اکرم حریفال نے ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ عملے کے ہمراہ دکی بازار میں تجاوزات کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر قائم غیر قانونی تجاوزات کو ہٹا دیا۔ کارروائی کے دوران بازار کے مختلف مقامات کا معائنہ کیا گیا اور سڑکوں، فٹ پاتھوں اور عوامی گزرگاہوں پر رکھا گیا دکانوں کا اضافی سامان ہٹایا گیا، تاکہ شہریوں کو آمدورفت میں درپیش مشکلات کا خاتمہ اور ٹریفک کی روانی کو بہتر بنایا جا سکے اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر محمد اکرم حریفال نے دکانداروں کو سختی سے ہدایت کی کہ وہ سرکاری حدود کا احترام کریں اور اپنی دکانوں کا سامان مقررہ حدود کے اندر رکھیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوامی راستوں اور فٹ پاتھوں پر کسی قسم کی تجاوزات برداشت نہیں کی جائیں گی۔ اسسٹنٹ کمشنر نے کہا کہ بازار میں نظم و ضبط برقرار رکھنا، ٹریفک کی روانی یقینی بنانا اور شہریوں کو آمدورفت کی بہتر سہولیات فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 5 پر)



کوئٹہ: چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر مرزا اعزاز بیگ سے ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب غلام سرور بروہی ملاقات کر رہے ہیں

تعلیم اور انسانی وسائل کی ترقی ہی قوموں کو خوشحالی کی منزل تک پہنچاتی ہے، قیصر شیخ

ضرورت نوجوانوں کو معیاری تعلیم اور جدید مہارتوں سے آراستہ کرنے کی ہے، وفاقی وزیر

چنیوٹ (اے این این) چنیوٹ فیصل آباد کیمپس آف فاسٹ نیشنل یونیورسٹی آف کمپیوٹر اینڈ ایمرجنگ سائنسز میں منعقدہ کانووکیشن کی میزبانی ڈائریکٹر کیمپس پروفیسر ڈاکٹر شہزاد سرفراز نے کی جبکہ تقریب کی صدارت یونیورسٹی کے ریکٹر پروفیسر ڈاکٹر آفتاب احمد معروف نے کی۔ چیئرمین اقبال رائس ملز چوہدری مسعود اقبال مہمان خصوصی جبکہ وفاقی وزیر اور یونیورسٹی بورڈ آف گورنرز کے رکن میاں قیصر احمد شیخ مہمان اعزاز تھے۔ وفاقی وزیر میاں قیصر احمد شیخ نے اپنے خطاب میں کہا کہ تعلیم اور انسانی وسائل کی ترقی ہی قوموں کو خوشحالی کی منزل تک پہنچاتی ہے۔ انہوں نے چین کی مثال دیتے ہوئے کہا کہ 1972 میں چین کے پاس محدود وسائل تھے لیکن اس نے گاڑیوں اور دیگر آسائشوں کے بجائے بچوں کی تعلیم اور انسانی ترقی کو ترجیح دی، جس کے نتیجے میں آج وہ دنیا کی بڑی معاشی قوت بن چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں بھی بے پناہ صلاحیت اور قدرتی وسائل موجود ہیں، ضرورت نوجوانوں کو معیاری تعلیم اور جدید مہارتوں سے آراستہ کرنے کی

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 5 پر)

کراچی، مبینہ ڈکیتی کے دوران فائرنگ، 4 بچوں کا باپ جاں بحق

کراچی (اے این این) کراچی میں مبینہ ڈکیتی کے دوران فائرنگ سے حیدر آباد کا رہائشی اور 4 بچوں کا باپ جاں بحق ہو گیا۔ پولیس حکام کے مطابق مقتول کی حیدر آباد میں اسکول یونیفارم کی 2 دکانیں ہیں جن کی خرید و فروخت کے سلسلے میں وہ ہر ہفتے کراچی آتا تھا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ مقتول کی شناخت فرقان کے نام سے ہوئی، اس کی عمر 28 برس تھی۔ مقتول کے دوست کے مطابق فرقان کار سے اتر کر ایک کیبن سے خریداری کر رہا تھا کہ اس دوران نامعلوم ملزمان نے مبینہ طور پر لوٹ مار کی کوشش کی، مزاحمت پر ملزمان نے اسے گولی مار دی اور فرار ہو گئے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ مقتول کا موبائل فون

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 5 پر)

غزہ میں سیلاب متاثرین کی مدد کیلئے امدادی تنظیموں کو فوری رسائی دی جائے، یورپی یونین

برسلز (اے این این) یورپی یونین نے اسرائیل سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ امدادی تنظیموں کو غزہ تک فوری اور بلا رکاوٹ رسائی فراہم کرے تاکہ شدید بارشوں اور سیلاب سے متاثرہ فلسطینیوں کی مدد کی جا سکے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق یورپی یونین نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ اسرائیل انسانی امداد اور ابتدائی بحالی کیلئے درکار سامان کی مسلسل اور وسیع پیمانے پر ترسیل کی اجازت دے اور غزہ کی تمام سرحدی گزرگاہیں دوبارہ کھولے۔ رپورٹس کے مطابق حالیہ بارشوں اور سیلابی صورتحال کے باعث غزہ میں 70 ہزار خیمے زیر آب آ گئے ہیں، ان خیموں میں تقریباً 20 لاکھ آبادی کا ایک بڑا حصہ رہائش پذیر ہے،

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 5 پر)

امریکا کی مشرق وسطیٰ میں اپنے شہریوں کو اضافی احتیاط برتنے کی ہدایت

ریاض (اے این این) سعودی عرب میں قائم امریکی سفارت خانے نے مشرق وسطیٰ میں موجود امریکی شہریوں کو اضافی احتیاط برتنے اور سکیورٹی صورتحال سے باخبر رہنے کی ہدایت کی ہے۔ سفارت خانے کے جاری بیان کے مطابق حوثی حملوں اور ایران کی جانب سے دی جانے والی دھمکیوں کے تناظر میں امریکی شہری محتاط رہیں اور اپنے اردگرد کے حالات پر نظر رکھیں۔ امریکی سفارت خانے نے خبردار کیا ہے کہ سعودی عرب پر حوثی حملوں کے نتیجے میں ماضی میں شہری ہلاکتیں بھی ہو چکی ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ مشرق وسطیٰ میں جاری تنازعات تیزی سے دوسرے علاقوں تک پھیل سکتے ہیں، اس لیے خطے میں

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 5 پر)

راولاکوٹ، بچی کی ہلاکت پر اداروں کیخلاف پروپیگنڈا آڈیو لیک نے بے نقاب کر دیا

راولاکوٹ (جی این ایم) راولاکوٹ میں بچی کی ہلاکت پر اداروں کے خلاف جھوٹا بیانیہ بنانے کی سازش بے نقاب ہوگئی۔ اس حوالے سے آڈیو لیک نے شرپسند عناصر کا منصوبہ عیاں کر دیا۔ آزاد جموں و کشمیر کے امن کے دشمن فسادی جتھے کی دہشت گردی اور سفاکیت ہر گزرتے دن کے ساتھ واضح ہوتی جا رہی ہے، راولاکوٹ میں بچیوں پر فائرنگ کے واقعے سے متعلق شرپسند عناصر کی آڈیو لیک منظر عام پر آ گئی۔ سامنے آنے والی آڈیو میں شرپسند عناصر بچیوں پر فائرنگ اپنے ہی مسلح کارکنوں سے ہونے کا برملا اعتراف کر رہے ہیں۔ آڈیو میں فسادی جتھے کے کارندوں کی طرف سے سکیورٹی فورسز کو واقعے کا ذمہ دار ٹھہرانے کی منصوبہ بندی کی جا رہی ہے۔ آڈیو لیک میں جو یہ ثاقب کی المناک موت پر متاثرہ خاندان کو دبا میں لا کر من

22

ڈپٹی کمشنر دکی کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر کا بازار میں ایکشن، سڑکوں اور فٹ پاتھوں سے تجاوزات ہٹا دی گئیں

دکاندار مقررہ حدود میں رہیں، عوامی گزرگاہوں پر تجاوزات ہرگز برداشت نہیں کی جائیں گی: محمد اکرم حریفال

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمن کبدانی کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر دکی محمد اکرم حریفال نے ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ عملے کے ہمراہ دکی بازار میں تجاوزات کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر قائم غیر قانونی تجاوزات کو ہٹا دیا۔ کارروائی کے دوران بازار کے مختلف مقامات کا معائنہ کیا گیا اور سڑکوں، فٹ پاتھوں اور عوامی گزرگاہوں پر رکھا گیا دکانوں کا اضافی سامان ہٹایا گیا، تاکہ شہریوں کو آمدورفت میں درپیش مشکلات کا خاتمہ اور ٹریفک کی روانی کو بہتر بنایا جا سکے اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر محمد اکرم حریفال نے دکانداروں کو سختی سے ہدایت کی کہ وہ سرکاری حدود کا احترام کریں اور اپنی دکانوں کا سامان مقررہ حدود کے اندر رکھیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوامی راستوں اور فٹ پاتھوں پر کسی قسم کی تجاوزات برداشت نہیں کی جائیں گی۔ اسسٹنٹ کمشنر نے کہا کہ بازار میں نظم و ضبط برقرار رکھنا، ٹریف

امرءالمعروف و نہی عن المنکر — اجتماعی کی طرف اطلاع کرنا ہر دانی سے بچانا
روزنامہ اطلاع عام کوئٹہ
Daily ETLA-E-AAM Quetta
چیف ایڈیٹر: محمد عمر
E-mail: Etlaeaam2010@gmail.com
چیف ایڈیٹر محمد عمر نے الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر نیوز افغان روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
فون نمبر: 081-2820055 , 081-2453865
فیکس نمبر: 081-2828245
Email:Etlaeaam2010@gmail.com

کاپ۔31 سے وزیراعظم کا خطاب

وزیراعظم شہباز شریف نے عالمی برادری پر زور دیا ہے کہ موسمیاتی آفات سے نبٹنے کے لئے ترقی پذیر ممالک سے کیے گئے وعدے پورے کیے جائیں، کمزور معیشتوں کو قرضوں کے بجائے گرانٹ پر مبنی مالی معاونت فراہم کی جائے اور موسمیاتی موافقت کے فنڈز میں نمایاں اضافہ کیا جائے۔ اُنہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سرحدوں کے پابند نہیں اور کوئی ملک تنہا اِن کے پیدا کردہ چیلنجوں کا مقابلہ نہیں کرسکتا، پانی کو بطور ہتھیار استعمال نہیں کیا جانا چاہیے، آبی معاہدوں پر اُن کی حقیقی روح کے مطابق عمل درآمد ناگزیر ہے۔ وزیراعظم نے یہ بات ترکیہ کے شہر انطالیہ میں اقوامِ متحدہ کے ماحولیاتی تبدیلی کے فریم ورک کنونشن کے تحت کاپ۔31 کے اعلیٰ سطح کے سربراہی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اُن کا کہنا تھا کہ 2022ء کے تباہ کن سیلاب میں پاکستان کا ایک تہائی حصہ زیرِ آب آ گیا تھا جس سے تین کروڑ 30 لاکھ افراد متاثر ہوئے جبکہ ملک کو بھی بھاری معاشی نقصان اُٹھانا پڑا۔ اُن کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان ماحول دوست اقدامات اور صاف توانائی کے فروغ کے لئے پُرعزم ہے، ملک کے توانائی کے مجموعی ذرائع میں صاف توانائی کا حصہ 55 فیصد ہو چکا ہے جبکہ برقی نقل و حرکت کو بھی فروغ دیا جا رہا ہے۔ پاکستان نے 2035ء تک کاربن اخراج میں 50 فیصد کمی کا ہدف مقرر کیا ہے۔ صاف توانائی کی طرف منتقلی سے متعلق ایک اور اعلیٰ سطح کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان میں شمسی توانائی کے منصوبوں کے باعث بجلی کے حصول میں نمایاں آسانی اور لاگت میں کمی آئی ہے۔ اُنہوں نے بتایا کہ پاکستان میں فروخت ہونے والی ہر 10 میں سے ایک موٹر سائیکل الیکٹرک ہے جبکہ 2030ء تک نئی گاڑیوں میں الیکٹرک گاڑیوں کا تناسب 30 فیصد تک پہنچانے کا ہدف ہے تاہم مناسب فنانسنگ کی عدم دستیابی اِن اہداف کے حصول میں بڑا چیلنج ہے۔ پاکستان کو موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث 30 ارب ڈالر سے زائد کا نقصان اُٹھانا پڑا ہے۔ شدید گرمی کی لہریں، خشک سالی، گلیشیروں کا تیزی سے پگھلاؤ، بے وقت اور غیر معمولی بارشیں اور اچانک آنے والے سیلاب ہر سال ملکی معیشت، زراعت، انفراسٹرکچر اور انسانی زندگیوں کو اربوں ڈالر کا نقصان پہنچا رہے ہیں۔ اقوامِ متحدہ کی حالیہ رپورٹ کے مطابق پنجاب کے زیادہ بارش والے علاقوں میں پھلوں کی پیداوار میں 50 فیصد تک کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ شدید گرمی کے باعث فصلوں کی پیداوار بھی نمایاں طور پر متاثر ہوئی ہے۔ مویشی پالنے کا شعبہ بھی اِس دباؤ سے محفوظ نہیں، بڑے جانوروں میں دودھ کی پیداوار کم ہو رہی ہے جبکہ چھوٹے مویشیوں میں منہ کھر کی بیماری کے واقعات بڑھ رہے ہیں۔ زرعی پیداوار میں کمی سے دیہی گھرانوں کی آمدن کم ہو رہی ہے جبکہ غذائی عدم تحفظ میں اضافہ ہو رہا ہے جس سے خواتین اور کمزور طبقات متاثر ہو رہے ہیں۔ المیہ یہ ہے کہ پاکستان عالمی کاربن اخراج میں ایک فیصد سے بھی کم حصہ ڈالتا ہے لیکن موسمیاتی تبدیلیوں کی بھاری قیمت ادا کر رہا ہے۔ جنوری 2023ء کی جنیوا کانفرنس میں پاکستان کی بحالی اور تعمیرِ نو کے لئے 10.57 ارب ڈالر کی مالی معاونت کے وعدے کیے گئے تھے تاہم اِس رقم میں گرانٹس کے ساتھ قرضے بھی شامل تھے۔ وزیراعظم نے ترقی پذیر ممالک کو محض مالی وعدوں کے بجائے عملی معاونت فراہم کرنے پر زور دیا خصوصاً ایسی گرانٹس کی فراہمی جو اُن کے قرضوں کا بوجھ مزید نہ بڑھائیں۔ اقوامِ متحدہ کے متعلقہ اداروں کے مطابق دنیا میں قدرتی آفات کے حقیقی معاشی نقصانات (بالواسطہ نقصانات کو بھی شامل کیا جائے تو) سالانہ قریباً 2.3 کھرب ڈالر تک پہنچ جاتے ہیں جبکہ براہِ راست نقصانات کا روایتی تخمینہ 202 ارب ڈالر سالانہ ہے۔ اِس طرح موسمیاتی شدت سے جڑی آفات عالمی معیشت کے لئے بھی بڑا خطرہ بن چکی ہیں۔ عالمی موسمیاتی ادارے کے مطابق 2024ء پہلے کے مقابلے میں تقریباً 1.55 ڈگری سینٹی گریڈ زیادہ گرم ترین سال ریکارڈ ہوا۔ یہ اضافہ پیرس معاہدے کے طویل مدتی 1.5 ڈگری کے ہدف کیلئے خطرے کی گھنٹی ہے۔ 2015ء کے پیرس معاہدے میں عالمی درجہ حرارت میں اضافے کو 1.5 ڈگری تک محدود کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا تھا لیکن اقوامِ متحدہ کے ماحولیاتی پروگرام کی 2025ء کی ''ایمیشن گیپ'' رپورٹ کے مطابق موجودہ قومی وعدوں پر مکمل عملدرآمد کے باوجود دنیا اِس صدی میں 2.3 سے 2.5 ڈگری اضافے کی طرف بڑھ رہی ہے جبکہ موجودہ پالیسیوں کے تسلسل سے یہ اضافہ تقریباً 2.8 ڈگری تک پہنچ سکتا ہے۔ یہ صورتِ حال طے شدہ اہداف اور عملی اقدامات کے درمیان واضح فرق ظاہر کرتی ہے۔ برازیل میں ہونے والی گزشتہ کاپ۔30 میں عالمی برادری نے 2035ء تک موسمیاتی موافقت کیلئے مالی معاونت تین گنا کرنا تھی، ترقی پذیر ممالک کی مدد اور منصفانہ توانائی منتقلی کے نئے طریقہ کار پر اتفاق بھی کیا گیا تاہم کوئلے، تیل اور گیس کے استعمال کو مرحلہ وار ختم کرنے کیلئے کسی لازمی عالمی روڈ میپ پر اتفاق نہیں ہو سکا تھا۔ ترقی یافتہ ممالک نے 2020ء تک ترقی پذیر ممالک کو سالانہ 100 ارب ڈالر موسمیاتی مالی معاونت فراہم کرنے کا وعدہ کیا تھا لیکن یہ ہدف دو سال کی تاخیر سے 2022ء میں پہلی مرتبہ 115.9 ارب ڈالر تک پہنچا۔ بعدازاں کاپ 29 میں 2035ء تک سالانہ 300 ارب ڈالر کی مالی معاونت کا نیا ہدف مقرر کیا گیا جبکہ مجموعی عالمی موسمیاتی مالیات کو اسی مدت تک 1.3 کھرب ڈالر سالانہ تک پہنچانے پر زور دیا گیا تاہم اِن رقوم کا بڑا حصہ قرضوں پر مشتمل ہے جبکہ موسمیاتی آفات سے متاثرہ ترقی پذیر ممالک کو قرضوں کے بجائے گرانٹس کی ضرورت ہے۔ پاکستان کیلئے جنیواء کانفرنس میں کیے گئے 10.57 ارب ڈالر کے وعدوں میں بھی زیادہ تر قرض شامل تھے جو مالی معاونت کے موجودہ نظام کی ایک بڑی خامی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے درست نشاندہی کی کہ موسمیاتی تبدیلیوں سے کوئی قوم تنہا نہیں نبٹ سکتی۔ اِس عالمی خطرے کا مقابلہ کرنے کے لئے اقوامِ عالم کو مشترکہ ایجنڈے، عملی اقدامات اور مالی وسائل کے ساتھ متحد ہونا ہوگا۔ ترقی یافتہ ممالک اپنے وعدے پورے کریں، جدید ٹیکنالوجی منتقل کریں اور موسمیاتی موافقت کے لئے گرانٹ پر مبنی فنڈز میں اضافہ کریں تاہم پاکستان کو بھی عالمی امداد اور وعدوں کا منتظر نہیں رہنا چاہیے۔ موجودہ معاشی مشکلات کے باوجود اپنے زورِ بازو پر انحصار کرتے ہوئے دستیاب وسائل کو ترجیحی بنیادوں پر استعمال کرنا ناگزیر ہے۔ پانی کے ذخائر اور ڈیموں کی تعمیر، نہری نظام کی بہتری، سیلابی پانی کی نکاسی، جنگلات میں اضافہ، شمسی اور پن بجلی کا فروغ، موسمیاتی مزاحمت رکھنے والی فصلوں کی کاشت اور قدرتی آفات سے پیشگی خبردار کرنے کے نظام کو مضبوط بنانا قومی ترجیحات ہونی چاہئیں۔ شہروں کی منصوبہ بندی، نکاسیِ آب اور تعمیراتی ضوابط کو بھی موسمیاتی خطرات کے مطابق ڈھالنا ہوگا۔ محدود مالی وسائل کا بڑا حصہ آفات کے بعد بحالی کے بجائے اُن کی روک تھام اور نقصانات کم کرنے پر خرچ کیا جانا چاہئے کیونکہ پیشگی حفاظتی اقدامات بعد از آفت بحالی کے مقابلے میں کہیں کم خرچ ہوتے ہیں۔

اقبال پر اعتراضات اور ہماری فکری کوتاہیاں

ڈاکٹر سرور حسین

قوموں کی زندگی میں بعض شخصیات محض تاریخ کا حصہ نہیں ہوتیں بلکہ وہ ان کے فکری شعور، تہذیبی شناخت اور مستقبل کے امکانات کی علامت بن جاتی ہیں۔ حضرت اقبال بھی ایسی ہی ایک شخصیت ہیں جنہیں محض شاعر، فلسفی یا مفکر کہہ کر ان کی عظمت کا احاطہ نہیں کیا جا سکتا۔ وہ ایک ایسے عہد کے ترجمان تھے جس میں مسلمان سیاسی غلامی، فکری انتشار، تہذیبی مرعوبیت اور روحانی زوال کے کئی دائروں میں گھرے ہوئے تھے۔ اقبال نے اس منتشر قوم کو خودی کا درس دیا، اس کے اندر اعتماد پیدا کیا اور اسے اپنے ماضی کی عظمت سے روشناس کراتے ہوئے مستقبل کے خواب دیکھنے کا حوصلہ دیا۔

بدقسمتی سے ہمارے ہاں ایک عجیب روایت بہت پختہ ہوتی جا رہی ہے کہ ہم اپنے قومی ہیروز کو حرفِ تنقید بنانے میں بھی دنیا میں سب سے آگے ہیں اور محسن کشی ہماری تاریخ بنتی جا رہی ہے۔ اقبال بھی اس رویے سے محفوظ نہیں رہے اور آئے دن ان پر کوئی نہ کوئی نام نہاد مفکر اینکر اور خودساختہ فلاسفر نشتر زنی کرتا دکھائی دیتا ہے۔ کبھی ان کے تصور پاکستان کو متنازع بنانے کی کوشش ہوتی ہے، کبھی ان کی شاعری کو محض جذباتی کلام قرار دیا جاتا ہے، کبھی ان کے بعض اشعار کو بنیاد بنا کر ان کے فکری ارتقاء پر سوال اٹھائے جاتے ہیں اور کبھی ان کی ذاتی زندگی کو ان کے علمی مقام کے مقابل کھڑا کر دیا جاتا ہے۔

اقبال پر ایک اعتراض یہ کیا جاتا ہے کہ انہوں نے مغربی تعلیمی اداروں میں تعلیم حاصل کی، مغربی فلسفے کا مطالعہ کیا، لہٰذا ان کی فکر میں مغرب کا اثر نمایاں ہے۔ بلاشبہ انہوں نے مغرب کو پڑھا ضرور، لیکن خاک مدینہ و نجف کے سرمے نے انہیں جلوہ دانش فرنگ سے مرعوب نہیں ہونے دیا۔ انہوں نے مغربی فلسفے کی قوتوں اور کمزوریوں دونوں کو سمجھا اور جہاں اس کی مادہ پرستی، سرمایہ دارانہ استحصال اور روحانی محرومی پر تنقید کی، وہاں اس کے علمی نظم، تحقیق اور سائنسی جستجو سے استفادہ کرنے کی تلقین بھی کی۔

یہ اعتراض بھی اکثر سننے کو ملتا ہے کہ اقبال کو تصور پاکستان کا پیش رو قرار دینا تاریخی مبالغہ ہے۔ اس بات سے انکار کیسے ممکن ہے کہ اقبال نے برصغیر کے مسلمانوں کی جداگانہ سیاسی شناخت اور خودمختار اجتماعی مستقبل کے سوال کو غیر معمولی فکری وضاحت عطا کی۔ کسی قومی تحریک کی بنیاد ایک دن میں نہیں رکھی جاتی۔ اسکے پیچھے فکری رہنمائی، سیاسی جدوجہد، اجتماعی شعور اور تاریخی حالات کا ایک طویل سفر ہوتا ہے۔ اقبال نے اس سفر کو فکری سمت دی، قائداعظم نے سیاسی قیادت فراہم کی اور برصغیر کے مسلمانوں نے اجتماعی جدوجہد کے ذریعے اسے حقیقت بنایا۔ کراچی کے مختلف علاقوں میں ہلکی بارش، آئندہ 3 روز زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 34 ڈگری سینٹی گریڈ رہنے کا امکان

بعض ناقدین، اقبال کے مختلف ادوار کی شاعری کو سامنے رکھ کر یہ سوال اُٹھاتے ہیں کہ ان کے خیالات میں تبدیلیاں کیوں آئیں؟ ابتدائی اقبال کے ہاں وطنیت، ہندوستانی تہذیب اور مشترکہ قومی شناخت کے تصورات ملتے ہیں، جبکہ بعد کے اقبال مسلمانوں کی جداگانہ ملت، اسلامی وحدت اور خودمختار سیاسی تشخص پر زور دیتے دکھائی دیتے ہیں۔ یہ سوال اٹھانے والے فکری و ذہنی ارتقاء کے فلسفے سے ہی نابلد ہیں کہ اقبال کوئی جامد ذہن رکھنے والے شاعر نہیں تھے۔ وہ مسلسل سوچنے، غور کرنے اور اپنے عہد کے حالات کا تجزیہ کرنے والے عظیم مفکر تھے۔ ان کا ذہنی ارتقاء ان کی فکری پرواز کی علامت ہے نہ کہ تضاد کی دلیل۔ وقت کیساتھ انسان کے مشاہدات گہرے ہوتے ہیں، ترجیحات واضح ہوتی ہیں اور نظریات میں پختگی آتی ہے۔ اقبال کے ہاں بھی اسی کا تسلسل تھا۔

یہ اعتراض بھی قابلِ غور ہے کہ اقبال نے خودی کا درس دے کر فرد کو اپنی ذات کا اسیر بنانے کی کوشش کی، حالانکہ اقبال کی خودی کا مطلب تکبر، خود پسندی یا دوسروں کو کمتر سمجھنا نہیں بلکہ اپنی صلاحیتوں کی پہچان، کردار کی مضبوطی، مقصد سے وابستگی اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ روحانی تعلق کو مستحکم کرنا ہے۔ اقبال کا مردِ مومن اپنی ذات کے حصار میں قید نہیں رہتا بلکہ اپنی شخصیت کی تعمیر کے ذریعے معاشرے کی تعمیر کرتا ہے۔ اس کی خودی اسے کمزوروں کا سہارا، مظلوموں کا مددگار اور حق کا علمبردار بناتی ہے۔ اقبال کا پیغام یہ ہے کہ انسان اپنی صلاحیتوں کو پہچانے، اپنی تقدیر بنانے کی جدوجہد کرے اور اپنی زندگی کو کسی بڑے مقصد کیلئے وقف کرے۔

کسی بھی عظیم شخصیت کی ذاتی زندگی تاریخی تحقیق اور علمی تنقید سے بالاتر نہیں ہوتی۔ اقبال کی زندگی، ان کے خاندانی معاملات، سیاسی وابستگیوں اور بعض عملی فیصلوں پر سوال اٹھائے جا سکتے ہیں لیکن ہمیں یہ اصول بھی یاد رکھنا چاہئے کہ کسی شخص کی زندگی کے کسی ایک پہلو سے اختلاف اس کے علمی، ادبی اور فکری کارناموں کی نفی ہرگز نہیں کرتا۔

ہمیں اقبال کو ایک زندہ مفکر کے طور پر پڑھنے کی ضرورت ہے، کیونکہ زندہ فکر سوالات سے گھبراتی نہیں بلکہ سوالات کے ذریعے مزید روشن ہوتی ہے۔ ہمیں ان کے شاہین کو محض کتابوں میں نہیں بلکہ اپنے نوجوانوں کے کردار میں دیکھنا ہے۔ ان کی خودی کو محض اشعار میں نہیں بلکہ قومی خودداری میں ڈھالنا ہے اور ان کے تصور علم کو عملی تحقیق اور تخلیقی صلاحیتوں میں تبدیل کرنا ہے۔

امریکی فضائی نظام خرابی کے گھنٹوں بعد بحال، دنیا بھر میں کتنی ہزار پروازیں التواء کا شکار ہوئیں۔۔؟ جانیے

اقبال جس قوم میں خودی کی بات کرتے ہیں اسی کا نوجوان احساسِ کمتری کا شکار ہے اور اُمید کا دیا روشن رکھنے کا عزم دینے والے کی قوم فکری انحطاط اور سخت نااُمیدی سے دوچار ہے۔ وہ خودداری کا درس دیتے تھے، ہم آج بھی دوسروں کی فکری اور معاشی محتاجی سے نجات حاصل نہیں کر سکے۔ کسی قوم کی بدقسمتی یہ نہیں ہوتی کہ اس کے عظیم لوگوں پر اعتراضات کیے جاتے ہیں، بلکہ اصل بدقسمتی یہ ہوتی ہے کہ وہ قوم اپنے عظیم لوگوں کے افکار سے رہنمائی لینا چھوڑ دیتی ہے۔

امریکی وسط مدتی انتخابات اور دنیا کا نیا منظرنامہ

عبدالغفور چوہدری

یہ ایک طے شدہ حقیقت ہے کہ امریکی انتخابات محض اقتدار کی تبدیلی کا نام نہیں ہوتے بلکہ ان کے اثرات عالمی سیاست، معیشت، جنگوں، سفارت کاری اور بین الاقوامی تعلقات تک پھیلے ہوتے ہیں۔ نومبر 26 کے ''وسط مدتی انتخابات'' بھی اس تناظر میں بڑی اہمیت کے حامل ہیں۔ ان انتخابات کے بعد امریکہ کی داخلی سیاست کے ساتھ ساتھ مشرق وسطیٰ، جنوبی ایشیا اور عالمی طاقتوں کے تعلقات پر بھی نئی بحث چھڑ گئی ہے۔ ان انتخابات میں ''ڈیموکریٹک پارٹی'' نے غیر معمولی کامیابی حاصل کرتے ہوئے کانگریس کے دونوں ایوانوں: ایوان نمائندگان اور سینٹ، کا کنٹرول ''ری پبلکن پارٹی'' سے واپس لے لیا ہے۔ اس طرح صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو اپنی مدت صدارت کے آخری دو برسوں میں ایک ایسی کانگریس کا سامنا کرنا ہوگا جس میں ان کی مخالف سیاسی جماعت کو اکثریت حاصل ہے۔ لیکن اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہے کہ ڈونلڈ ٹرمپ صدارت سے محروم ہو گئے ہیں یا ان کی حکومت ختم ہو گئی ہے۔ کیوں کہ امریکہ میں صدارتی نظام حکومت رائج ہے اور صدر کا انتخاب عوام ہر چار سال بعد براہ راست کرتے ہیں۔ وہ الگ بات ہے کہ حالیہ انتخابات کی وجہ سے کانگریس میں وقوع پذیر ہونے والی عددی تبدیلی سے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو قانون سازی، بجٹ، حکومتی اخراجات، تقرریوں وغیرہ کے حوالے سے احتساب کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی پارٹی کی شکست کی بہت سی وجوہات ہو سکتی ہیں جن میں سے مہنگائی اور عوام کی معاشی مشکلات، اسرائیل کی حمایت میں ایران کیساتھ جنگ، ٹیرف اور تجارتی پالیسی، امیگریشن اور تارکین وطن کا مسئلہ اور صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی مطلق العنانیت زیادہ اہمیت کی حامل ہیں۔ کچھ لوگ ان انتخابات میں صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور ان کے خاندان کے افراد کی مال بناؤ پالیسی کو شکست کی سب سے بڑی وجہ قرار دے رہے ہیں۔ اس کے علاوہ جناب ٹرمپ کی متلون مزاجی کو بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ وہ جب سے اقتدار میں وارد ہوئے ہیں ان کا انتہائی قریبی شخص بھی یہ نہیں بتا سکتا تھا کہ وہ کیا کرنا چاہتے ہیں، کیا کہنا چاہتے ہیں، کیا کریں گے، کیا نہیں کریں گے، اور کس وقت کون سا بیان جڑ دیں گے، کس وقت پہلے والے بیان کی نفی کر دیں گے۔ حضور ایک طرف تو کہتے تھے کہ انھوں نے بے شمار جنگیں رکوائیں۔ وہ اس کے عوض ''نوبل امن انعام'' حاصل کرنے کے خواہش مند بھی تھے تو دوسری طرف انہوں نے اسرائیل کی طرف سے فلسطینیوں کی نسل کشی کی حمایت جاری رکھی۔ اسرائیل کی مدد کیلئے ایران پر بلا وجہ جنگ مسلط کی۔ ایران کو صفحۂ ہستی سے مٹا دینے کی دھمکیاں بھی دیں۔ روس اور یوکرین کی جنگ کو ہوا دی۔ وینزویلا کے صدر اور ان کی بیوی کو رات کے اندھیرے میں اغوا کیا اور امریکہ لے گیا۔ وینزویلا کے معدنی ذخائر پر ناجائز قبضہ کر لیا۔ حوثی باغیوں کو شدید 22 وہ سعودی عرب پر حملہ کریں۔ وغیرہ وغیرہ۔ ان کے قول و فعل کا تضاد بھی انھیں لے بیٹھا۔ کیوں کہ قول و فعل کا تضاد کسی بھی لیڈر کے مستقبل کے لیے زہر قاتل ثابت ہوتا ہے۔

اب ہم دیکھتے ہیں کہ ٹرمپ کے انتظامی طور پر کمزور ہونے سے عالمی سیاست پر کیا اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ پوری دنیا جانتی ہے کہ امریکہ میں افراد کے آنے اور جانے سے ان کی خارجہ پالیسی میں کوئی خاص فرق نہیں پڑتا۔ ان کا سسٹم اپنی پالیسیوں کے تسلسل کو تحفظ دیتا ہے۔ کسی ایک شخص یا پارٹی کے اقتدار سے نکلنے یا آنے سے کوئی خاص فرق نہیں پڑتا۔ آج تک جتنی بھی امریکی حکومتیں آئیں ان کا رویہ روس، چین، پاکستان، بھارت، اسرائیل، خلیجی ریاستیں، یورپی ممالک وغیرہ کے ساتھ تقریباً ایک جیسا ہی دیکھنے میں آیا ہے۔ بس کہیں کہیں انیس بیس کا فرق پڑا ہے۔ ہمارا المیہ یہ ہے کہ ہمارے حکمران اور ہماری سیاسی جماعتیں یہ سمجھتی ہیں کہ شاید ایک امریکی سیاسی جماعت کی حکومت اقتدار سے باہر ہوگی اور دوسری اقتدار میں آئے گی تو اسے اس کی حمایت سے فائدہ حاصل ہوگا۔ حالاں کہ ہمیں معلوم ہے کہ 1965 اور 1971 کی پاک بھارت جنگوں میں امریکہ کا جو بحری بیڑا ہماری مدد کو روانہ ہوا تھا وہ ابھی تک راستے میں ہی ہے۔ بڑی طاقتوں کو ہمیشہ اپنے مفادات عزیز ہوتے ہیں۔ وہ اپنے مفادات کی خاطر جمہوری حکومتوں کے تختے الٹنے سے بھی باز نہیں آتیں۔ جب روس نے افغانستان پر قبضہ کرنے کی کوشش کی تو امریکہ نے پاکستان میں رجیم چینج کروا کر جمہوریت کا تیا پانچا کر دیا۔ اس کی شہ پر ایک فوجی جرنیل نے اقتدار پر شب خون مارا۔ جب مطلب نکل گیا تو اسی جرنیل کو اپنے سفیر کے ساتھ اللہ کے ہاں بھجوا دیا۔ پھر جب اس نے خود افغانستان پر نیٹو کے ذریعے قبضہ کرنا تھا تو پاکستان میں موجود دو تہائی اکثریت رکھنے والی جمہوری حکومت کا تختہ الٹوا کر پھر ایک فوجی ڈکٹیٹر کی حکومت قائم کروا دی۔

معروضی حالات میں پاکستان کو بھی اپنی تاریخ سے بھی سبق سیکھنے کی ضرورت ہے۔ ہمیں اپنی خارجہ پالیسی اپنی تاریخ اور جغرافیہ کو مدنظر رکھتے ہوئے ترتیب دینا چاہیے۔ کیوں کہ پاکستان ایک ایسے خطے میں واقع ہے جہاں چین، امریکہ، ایران، افغانستان، بھارت اور عرب ممالک کے مفادات ایک ساتھ جڑے ہوئے ہیں۔

سولہواں سفر، مسکراہٹوں کی سرزمین اور تضادات کا آئینہ

خواجہ اقبال

جب ہوائی جہاز بینکاک کے سوورن بھومی ایئرپورٹ پر اترا، تو دل میں یہ خیال ابھرا کہ ایک ہی ملک کا سولہویں بار رخ کرنا شاید کسی کو عجیب لگے، مگر ہر بار تھائی لینڈ کی زمین پر قدم رکھتے ہی ایک نیا مشاہدہ اور ایک نیا تقابل سامنے آ کھڑا ہوتا ہے۔ چھ دن کا یہ مختصر قیام محض سیر و تفریح نہیں بلکہ ایک پاکستانی قلم کار کے لئے گہرے تفکر اور خود احتسابی کا ایک کڑا آئینہ بن گیا۔

سب سے پہلی اور واضح چیز جس نے اس بار چونکایا وہ عالمی سطح پر ایندھن کے بڑھتے نرخ اور ان کے اثرات کو سنبھالنے کا طریقہ کار ہے دنیا بھر کی طرح تھائی لینڈ میں بھی پیٹرول سستا نہیں، مگر اس کا بوجھ عام شہری پر کیسے منتقل کیا جاتا ہے، یہ سیکھنے کی بات ہے ہمارے ہاں پیٹرول مہنگا ہوتے ہی پورا معاشی نظام بکھر جاتا ہے ٹرانسپورٹرز کے من مانے کرائے، ذخیرہ اندوزی اور مصنوعی منافع خوری کا ایک ایسا طوفان آتا ہے جسے روکنے والا کوئی نہیں ہوتا اس کے برعکس تھائی لینڈ نے متبادل ماس ٹرانزٹ کے ذریعے عام آدمی کو اس صدمے سے بچایا ہے الیکٹرک اسکوٹرز، ای بسیں اور سروں پر دوڑتی اسکائی ٹرین (BTS) نہ صرف ماحول دوست ہیں بلکہ شہری کو نجی گاڑیوں کے ایندھن کے محتاجی سے آزاد رکھتی ہیں۔

خیبر پختونخوا کے قدرتی وسائل پر کسی کو ڈاکا ڈالنے کی اجازت نہیں دیں گے، گورنر فیصل کریم کنڈی ٹیکنالوجی کا اصل حسن اس کے عام آدمی تک پہنچنے میں ہے۔ تھائی لینڈ میں گلی محلے کے ایک چھوٹے سے ریڑھی والے، پھل فروش یا ٹک ٹوک ڈرائیور کے پاس بھی ایک یونیورسل کیو آر کوڈ (PromptPay) موجود ہے، جہاں بینک اکاؤنٹ کے فرق کے بغیر ایک سیکنڈ میں ادائیگی ہو جاتی ہے اب ذرا اپنے وطن کا جائزہ لیں۔ پاکستان میں جاز کیش، ایزی پیسہ، نایابے، سادہ پے اور بینکوں نے بلاشبہ ڈیجیٹل ادائیگیاں شروع کی ہیں جس میں جاز کا کیو ار کوڈ سرفہرست ہے اور راست (Raast) جیسا بہترین نظام بھی آیا، مگر ہم ابھی تک اس ہم آہنگی سے محروم ہیں جو ایک عام مارکیٹ کو مکمل کیش لیس بنا سکے ہمارے ہاں ریڑھی بان اور چھوٹا دکاندار آج بھی ایف بی آر کے نوٹسز کے خوف یا اضافی چارجز کی وجہ سے کیو آر کوڈ لگانے سے کتراتا ہے۔ پاکستان میں صلاحیت موجود ہے مگر پالیسی کی یکسانیت اور اعتماد کا فقدان اسے عام ریڑھی تک اس سطح پر نہیں پہنچنے دے رہا جس طرح تھائی لینڈ نے اسے روزمرہ ضرورت بنا دیا ہے مگر جو فرق سب سے زیادہ دل پر اثر کرتا ہے وہ امن و امان (Law Order and) اور شہریوں کا رویہ ہے۔

تھائی لینڈ میں چھ دن کے دوران آدھی رات کو بھی سڑکوں پر اکیلی لڑکیاں یا غیر ملکی سیاح بغیر کسی خوف کے گھومتے دکھائی دیتے ہیں۔ وہاں پرس چھیننے کا ڈر ہے نہ گن پوائنٹ پر موبائل فون لٹنے کا خوف۔ ٹریفک کے شدید ترین رش میں بھی مجھے کسی گاڑی کا بلاوجہ ہارن سنائی نہیں دیا نہ کوئی گالی گلوچ اور نہ سڑک پر جھگڑا ان کا یہ پُرامن ماحول کسی جابرانہ پولیس راج کی وجہ سے نہیں بلکہ اس کے پیچھے دو بنیادی وجوہات ہیں پہلی وجہ فوری اور غیر جانبدارانہ انصاف ہے جہاں قانون امیر اور غریب کی تمیز کیے بغیر حرکت میں آتا ہے اور دوسری وجہ ان کی روایات پر مبنی برداشت اور ریاستی تربیت ہے جس نے شہریوں میں دوسرے کی جگہ اور جان و مال کے احترام کا احساس پیدا کیا ہے۔

کراچی کے مختلف علاقوں میں ہلکی بارش، آئندہ 3 روز زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 34 ڈگری سینٹی گریڈ رہنے کا امکان

اس کے مقابلے میں ہمارے پاکستان کی صورتحال لمحہ فکریہ ہے کراچی ہو یا لاہور، گلی کوچوں میں اسٹریٹ کرائم کا راج ہے، شہری دن دیہاڑے اپنے ہی فون اور گاڑی سے محروم ہو جاتے ہیں اور مزاحمت پر جان سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں۔ پولیس کا نظام تحفظ کا احساس دلانے کے بجائے خوف، سیاسی اثر و رسوخ اور رشوت ستانی کا استعارہ بن چکا ہے ہم نے سڑکوں پر سیف سٹی کے کیمرے تو لگا دیے، مگر ان کیمروں کے پیچھے بیٹھے تفتیشی اور عدالتی نظام کو نہ بدل سکے۔

اگر ہم واقعی چاہتے ہیں کہ پاکستان میں بھی تھائی لینڈ جیسا پُرامن ماحول بنے، تو ہمیں محض کھوکھلے دعووں سے نکل کر چند ٹھوس اور انقلابی اقدامات کرنا ہوں گے قانون کی عملداری اور سیاسی دباؤ اور کرپشن سے آزاد پروفیشنل پولیس دنیا میں امن کا یہی ماڈل رائج ہے۔

تھائی لینڈ کی ترقی کا اصل راز کوئی طلسماتی فارمولا نہیں وہ محنت کا تقدس، پالیسیوں کا تسلسل اور عام شہری کی جان و مال کے تحفظ کا شعور ہے وسائل کی کمی پاکستان کا مسئلہ کبھی نہیں رہی، ہمارا المیہ قانون کی حکمرانی اور سمت کا تعین نہ ہونا ہے جب تک ریاست اپنے عام شہری کو تحفظ کا احساس اور عزت نہیں دے گی، تب تک ڈیجیٹل ترقیاں اور اونچی عمارتیں کھوکھلی رہیں گی اگر ہم واقعی بدلنا چاہتے ہیں، تو ابتدا سڑک پر کھڑے سپاہی کی دیانت اور عام آدمی کے جان و مال کے تحفظ سے کرنی ہوگی۔

قلات سنگداس چیک پوسٹ پر بھتہ خوری کیخلاف احتجاج پر مجبور ہونیوالے ٹرانسپورٹرز

قلات سنگداس چیک پوسٹ ٹرانسپورٹروں اور چھوٹی گاڑیوں کے ڈرائیوروں کے لیے عذاب بن چکا ہے، مشترکہ اعلامیہ

قلات سنگداس چیک پوسٹ پر مبینہ بھتہ خوری کا دھندہ عروج پر ہے، بلاجواز تنگ کرنے کا سلسلہ بند کیا جائے، آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز

کوئٹہ (یو این اے) آل بلوچستان بے روزگار یونین، آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی، آل بلوچستان آئل ٹینکرز ایسوسی ایشن، بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن اور منی مزدا ٹرک ایسوسی ایشن کے رہنماں نے سنگداس پولیس چیک پوسٹ ضلع قلات کو فوری طور پر ختم کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ مذکورہ چیک پوسٹ پر چھوٹی گاڑیوں کے ڈرائیوروں اور ٹرانسپورٹروں کے لیے عذاب بن چکی ہے، جہاں مبینہ بھتہ خوری کے باعث ٹرانسپورٹرز اور ڈرائیوروں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے آل بلوچستان بے روزگار یونین کے مطالبات کی مکمل حمایت کا اعلان کرتے ہوئے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ ٹرانسپورٹرز اور محنت کش ڈرائیوروں کو مبینہ استحصال سے نجات دلانے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں۔ آل بلوچستان بے روزگار یونین کے صدر میر زبیر لانگو، جنرل سیکرٹری لطیف شاھوانی، آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی کے صدر حاجی حبیب اللہ بادیزئی، جنرل سیکرٹری میر اکبر لہڑی، حاجی موسیٰ جان اچکزئی، حاجی نصر اللہ دھوار، علی محمد اچکزئی، حاجی لعل محمد مشوانی، آل بلوچستان آئل ٹینکرز ایسوسی ایشن کے صدر حاجی داد کرد، حاجی یاسین بنگلزئی، نور محمد، بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے صدر حاجی نور محمد شاھوانی، نائب صدر خدائیداد شاھوانی، حاجی عطا اللہ کاکڑ، منی مزدا ٹرک ایسوسی ایشن کے چیئرمین حاجی بابو رئیسانی، صدر قدیم اللہ بڑیچ، جنرل سیکرٹری یونس پٹھان اور دیگر رہنماں نے اپنے مشترکہ اعلامیے میں کہا کہ سنگداس پولیس چیک پوسٹ پر چھوٹی گاڑیوں کے ڈرائیوروں کو مبینہ طور پر بلاجواز تنگ کرنے اور ان سے بھتہ وصول کرنے کی شکایات انتہائی تشویش ناک ہیں۔ محنت مزدوری کرکے اپنے خاندانوں کا پیٹ پالنے والے ڈرائیور پہلے ہی مہنگائی، کاروباری مشکلات اور اخراجات کے مطالبات کی مکمل حمایت کا اعلان کرتے ہوئے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ ٹرانسپورٹرز اور محنت کش ڈرائیوروں کو مبینہ استحصال سے نجات دلانے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں۔ آل بلوچستان بے روزگار یونین کے صدر میر زبیر لانگو، جنرل سیکرٹری لطیف شاھوانی، آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی کے صدر حاجی حبیب اللہ بادیزئی، جنرل سیکرٹری میر اکبر لہڑی، حاجی موسیٰ جان اچکزئی، حاجی نصر اللہ دھوار، علی محمد اچکزئی، حاجی لعل محمد مشوانی، آل بلوچستان آئل ٹینکرز ایسوسی ایشن کے صدر حاجی داد کرد، حاجی یاسین بنگلزئی، نور محمد، بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے صدر حاجی نور محمد شاھوانی، نائب صدر خدائیداد شاھوانی، حاجی عطا اللہ کاکڑ، منی مزدا ٹرک ایسوسی ایشن کے چیئرمین حاجی بابو رئیسانی، صدر قدیم اللہ بڑیچ، جنرل سیکرٹری یونس پٹھان اور دیگر رہنماں نے اپنے مشترکہ اعلامیے میں کہا کہ سنگداس پولیس چیک پوسٹ پر چھوٹی گاڑیوں کے ڈرائیوروں کو مبینہ طور پر بلاجواز تنگ کرنے اور ان سے بھتہ وصول کرنے کی شکایات انتہائی تشویش ناک ہیں۔ محنت مزدوری کرکے اپنے خاندانوں کا پیٹ پالنے والے ڈرائیور پہلے ہی مہنگائی، کاروباری مشکلات اور اخراجات

خلیجی ممالک کی سلامتی اور خوشحالی پاکستان کے لئے انتہائی اہمیت رکھتی ہے، حیدر شاہ

بحری آمدورفت کو لاحق خطرات اور تجارتی جہازوں پر حملوں سے ملاحوں کی زندگیاں خطرے میں پڑ رہی ہیں

نیویارک (آئی این پی) پاکستان نے حالیہ خطے میں فوجی اشتعال انگیزی اور غیر قانونی حملوں کے فوری خاتمے کا مطالبہ کرتے ہوئے تمام ریاستوں کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے احترام، شہریوں اور تجارتی جہاز رانی کے تحفظ اور پائیدار امن واستحکام کے قیام کیلئے سفارتی کوششوں کی بحالی پر زور دیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب سید حیدر شاہ نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے اجلاس میں خلیج کی صورتحال اور بین الاقوامی امن وسلامتی پر اس کے اثرات، خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی اور بحری سلامتی کو لاحق خطرات کے تناظر میں خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے بڑھتی ہوئی کشیدگی اور اس کے خلیجی برادر ممالک اور وسیع تر خطے کی سلامتی پر مرتب ہونے والے اثرات پر شدید تشویش کا اظہار کیا۔ خلیجی ممالک کے ساتھ پاکستان کے گہرے برادرانہ تعلقات کا اعادہ کرتے ہوئے سفیر حیدر شاہ نے واضح کیا کہ ان ممالک کی سلامتی اور خوشحالی پاکستان کے لئے انتہائی اہمیت رکھتی ہے، انہوں نے خلیج تعاون کونسل کے ممالک کے خلاف حملوں کی دوٹوک مذمت کی اور ان کی حکومتوں اور عوام کے ساتھ پاکستان کی مکمل یکجہتی کا اظہار کیا۔ انہوں نے حوثی ملیشیا کی جانب سے

اگر امریکہ نے حملہ کیا تو جنگ کا جغرافیہ ایران طے کرے گا، قالیباف

نئی جنگ کا دھواں بہت سے لوگوں کی آنکھوں میں جائے گا، سپیکر ایرانی پارلیمنٹ

تہران (اے این این) ایران کی پارلیمنٹ کے سپیکر محمد باقر قالیباف نے خبردار کیا ہے کہ اگر امریکہ نے ایران کے خلاف کوئی نئی جنگ کا دھواں بہت سے لوگوں کی آنکھوں میں جائے گا۔ حال ہی میں مختبی خامنہ ای کی سرکاری ویب سائٹ پر شائع ہونے والی ایک رپورٹ میں کہا گیا تھا کہ انہوں نے ایرانی مسلح افواج کے کمانڈروں سے ملاقات کے دوران ہدایت دی ہے کہ دشمن کی کسی بھی دھمکی کا فوری اور جغرافیائی حدود کی پابندی کے بغیر جواب دیا جائے۔ اسی تناظر میں ایران کی ایک زیر زمین میزائل تنصیب کے دورے کے دوران مسلح افواج کے چیف آف سٹاف علی عبداللہی نے خبردار کیا تھا کہ ایران پر کسی نئے حملے کی صورت میں اسلامی جمہوریہ کا ردعمل مشرق وسطی سے باہر بھی پھیل سکتا ہے۔ یہ بیان بھی مختبی خامنہ ای کی انہی ہدایات کے بعد سامنے آیا، جن میں دشمن کے خلاف فوری اور بغیر جغرافیائی پابندی کے جواب دینے پر زور دیا گیا تھا۔ ایرانی حکام کے مطابق اس وقت ایران کے میزائلوں کی موثر حدِ مار تقریباً 2,000 سے 2,500 کلومیٹر تک بتائی جاتی ہے۔ ایران کی پارلیمنٹ کے سپیکر محمد باقر قالیباف نے خبردار کیا ہے کہ اگر امریکہ نے ایران کے خلاف کوئی نئی فوجی کارروائی کی تو جنگ کا دائرہ اور مقام ایران کی مسلح افواج طے کریں گی۔ ایرانی میڈیا کے مطابق انھوں نے پارلیمنٹ میں خطاب کرتے ہوئے کہا: ہمارے لیے اس بات سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ امریکہ مذاکرات کرنا چاہتا ہے یا جنگ۔ اگر اس بار امریکی کوئی غلطی کرتے ہیں تو جنگ کا جغرافیہ ایران کی مسلح افواج کی صلاحیت اور ارادہ طے کرے گا۔ قالیباف نے مزید کہا کہ

بی یو جے کا 23 سے 24 نومبر تک احتجاجی کیمپ قائم کرنے کا اعلان

احتجاجی کیمپ میں پرنٹ والیکٹرونک سب وابستہ صحافی اور میڈیا ورکرز کے ساتھ سول سوسائٹی تنظیموں کے نمائندے بھرپور شرکت کریں گے

حکمرانوں نے ملک میں صحافت کو جرم بنا دیا ہے، کالے قوانین کے ذریعے میڈیا کا گلہ دبانے کی کوششیں کی جارہی ہے، بی یو جے قیادت

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان یونین آف جرنلسٹس نے پی ایف یو جے کی ملک گیر احتجاجی تحریک کے تسلسل میں 23 سے 24 نومبر 2026 تک احتجاجی کیمپ لگانے کا باضابطہ اعلان کردیا 24 گھنٹے کا احتجاجی کیمپ کوئٹہ پریس کلب کے باہر قائم کیا جائے گا۔ جس میں صحافیوں کے چارٹر آف ڈیمانڈز کے حق بڑی تعداد میں صحافی و میڈیا ورکرز احتجاج کریں گے صدر پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس افضل بٹ دیگر مرکزی۔ قائدین بھی احتجاجی کیمپ میں خصوصی طور پر شریک ہوں گے تفصیلات کے مطابق صدر بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کے زیر صدارت احتجاجی تحریک کے سلسلے میں بی یو جے کی جانب سے تشکیل دی گئی کمیٹیوں کا مشترکہ اجلاس کوئٹہ پریس کلب میں منعقد ہوا منعقد

(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 2 پر)



پشین تقریب سے این سی ایچ ڈی کے ڈائریکٹر جنرل علی اصغر عیسیٰ روشان سردار اکبر منظور احمد چکزئی عبدالرازق کاسی کلیم شاہ کلیم اللہ اور دیگر خطاب کررہے ہیں



اسلام آباد، نائب وزیراعظم محمد اسحاق ڈار آئندہ (JIC) کے اجلاس کی تیاریوں کے سلسلے میں اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

22 نومبر کو کوئٹہ میں جماعت اسلامی کا جلسہ، حافظ نعیم الرحمٰن خطاب کریں گے

بلوچستان کے عوامی حقوق کے لیے جدوجہد جاری رہے گی، مولانا ہدایت الرحمٰن

کوئٹہ (یو این اے) امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان میں بدامنی، بدعنوانی، شاہراہوں کی بندش، عوامی حقوق کی پامالی اور معاشی مشکلات کے خلاف جماعت اسلامی کی جدوجہد جاری رہے گی۔ 22 نومبر کو کوئٹہ میں ہونے والے جلسہ عام سے امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن خصوصی خطاب کریں گے اور آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں جلسہ عام کی تیاریوں کے سلسلے میں مختلف وفود سے ملاقاتوں اور کارنر میٹنگز سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام بدامنی، بے روزگاری، مہنگائی، بدعنوانی اور بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی جیسے سنگین مسائل سے دوچار ہیں، جبکہ شاہراہوں کی بندش اور تجارتی سرگرمیوں میں رکاوٹوں نے عوام اور کاروباری طبقے کی مشکلات میں مزید اضافہ کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو اپنے ہی وسائل سے محروم رکھنا اور بنیادی حقوق نظرانداز کرنا قابل قبول

(بقیہ 29 اندرونی صفحہ 2 پر)

اسلامی تعاون تنظیم کے سیکرٹری جنرل اسلام آباد پہنچ گئے

اسلام آباد (یو این اے) اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) کے سیکرٹری جنرل اسماعیل اولد شیخ احمد 30 ویں ای سی او کونسل آف منسٹرز اجلاس میں شرکت کے لیے اسلام آباد پہنچ گئے۔ دفتر خارجہ کے مطابق اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر وزارتِ خارجہ کے حکام نے او آئی سی کے سیکرٹری جنرل کا استقبال کیا۔ اجلاس میں شرکت کے لیے مختلف رکن ممالک اور علاقائی و بین الاقوامی تنظیموں کے اعلیٰ سطح کے نمائندوں کی اسلام آباد آمد کا سلسلہ جاری ہے۔ 30 ویں ای سی او کونسل آف منسٹرز کا اجلاس خطے میں

(بقیہ 28 اندرونی صفحہ 2 پر)

کوئٹہ میں اسٹوڈنٹس رائٹس کانفرنس، طلبہ یونینز کی بحالی کا مطالبہ

تعلیمی اداروں میں فیسوں میں اضافے اور سہولیات کی کمی پر طلبہ تنظیموں کا اظہارِ تشویش

کوئٹہ (یو این اے) اسلامی جمعیت طلبہ بلوچستان کے زیر اہتمام کوئٹہ پریس کلب میں اسٹوڈنٹس رائٹس کانفرنس کا انعقاد کیا گیا، جس میں مختلف طلبہ تنظیموں کے صوبائی و ضلعی قائدین نے شرکت کرتے ہوئے طلبہ کو درپیش تعلیمی مسائل اور بنیادی حقوق کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ کانفرنس کی صدارت ناظم اسلامی جمعیت طلبہ بلوچستان احسان اللہ ناصر نے کی، جبکہ جماعت اسلامی بلوچستان کے صوبائی ڈپٹی جنرل سیکریٹری نورالدین غلزئی سمیت ٹی آئی کے صوبائی صدر مطیع اللہ کاکڑ، جے ٹی آئی کے صوبائی صدر حکمت اللہ، ایم ایس او کے شیر و خلجی، این ایس ایم کے صوبائی صدر وکیل خان، جے ٹی آئی نظریاتی کے ضلعی صدر حافظ عزیز الحق اور دیگر طلبہ رہنماں نے شرکت کی۔ کانفرنس کے شرکا نے طلبہ یونینز پر پابندی، تعلیمی اداروں میں فیسوں میں مسلسل اضافے، ہاسٹل کی سہولیات کی کمی، ٹرانسپورٹ کے ناکافی انتظامات اور طلبہ سیاست پر پابندیوں پر گہری تشویش کا اظہار کیا۔ شرکا نے مطالبہ کیا کہ طلبہ کو اپنے جمہوری اور آئینی حقوق

(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 2 پر)

ایران کا بحرین میں امریکی ریڈار پر 6 ڈرونز سے حملہ، آبنائے ہرمز میں مزید دو ٹینکرز تباہ

بحرینی وزارت داخلہ کی جانب سے ملک میں ممکنہ خطرات سے متعلق دو ہنگامی انتباہات جاری، شہریوں کو محفوظ مقام پر منتقل ہونے کی ہدایت

آبنائے ہرمز میں تیل بردار جہازوں کے تحفظ کیلئے فضائی نگرانی مزید فعال، سمندری حدود میں امریکی ایف 16 طیاروں کا گشت

تہران، منامہ، واشنگٹن (اے این این) امریکہ کی جانب سے حملہ روکنے کے اعلان کے باوجود ایران کی پاسدارانِ انقلاب نے خلیجی ملک بحرین میں امریکی فوجی اڈے پر ڈرون حملے کا دعویٰ کیا ہے جبکہ آبنائے ہرمز میں مزید دو ٹینکرز بارودی سرنگوں سے ٹکرا کر تباہ ہوگئے، گزشتہ 24 گھنٹوں میں بارودی سرنگوں سے ٹکرا کر تباہ ہونے والے تیسرے اور چوتھے تجارتی جہاز ہیں۔ بحرینی وزارت داخلہ کی جانب سے ملک میں ممکنہ خطرات سے متعلق دو ہنگامی انتباہات جاری، شہریوں کو محفوظ مقام پر منتقل ہونے کی ہدایت کی گئی۔ برطانوی خبر رساں ادارے رائٹرز اور امریکی اخبار وال اسٹریٹ جرنل کے مطابق یہ حملہ اتوار کی صبح کیا گیا۔ ایرانی سرکاری میڈیا نے بتایا کہ پاسدارانِ انقلاب کی فضائی فورس نے بحرین کے علاقے الرفاع میں واقع ہیلی کاپٹر سے ٹکرا کر تباہ ٹینکروں کی تعداد پانچ ہوگئی۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق ایرانی حکام کا کہنا ہے کہ چھ ڈرونز کے ذریعے امریکی فضائی دفاعی ریڈار کو نشانہ بنایا گیا، جس کے بعد بحرین کے دارالحکومت منامہ اور اطراف کے علاقوں میں دھماکوں کی آوازیں سنی گئیں اور شہریوں کو محفوظ مقامات پر منتقل

(بقیہ 30 اندرونی صفحہ 2 پر)

جمعیت کا تمام اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت کے بغیر کوئٹہ کی انتظامی تقسیم مسترد کرنے کا اعلان

مشرقی اور مغربی اضلاع کی حد بندی سے قبل سیاسی جماعتوں، قبائلی عمائدین اور عوامی نمائندوں کو اعتماد میں لیا جائے، اجلاسِ مجلسِ عاملہ

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کی مجلسِ عاملہ کا اہم اجلاس ضلعی امیر مولانا عبدالرحمٰن فقیر کی زیرِ صدارت منعقد ہوا، جس میں دیگر جماعتی و عوامی امور کے علاوہ کوئٹہ کو مشرقی اور مغربی دو انتظامی اضلاع میں تقسیم کرنے کے حکومتی فیصلے کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس کی نگرانی میں قائم کمیٹی نے اپنی سفارشات اور تحفظات پیش کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ کی انتظامی تقسیم اور مشرقی و مغربی اضلاع کی حد بندی کا معاملہ انتہائی اہمیت کا حامل ہے، اس لیے کسی بھی قسم کی حد بندی، حلقہ بندی یا انتظامی تقسیم سے قبل تمام سیاسی جماعتوں، قبائلی عمائدین، سابقہ بلدیاتی نمائندوں اور دیگر متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لینا ناگزیر ہے، ان کی مؤثر مشاورت اور اتفاقِ رائے کے بغیر کسی قسم کی حد بندی کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ کوئٹہ بلوچستان کا مرکزی شہر اور سیاسی، معاشی، تجارتی و سماجی سرگرمیوں کا محور ہے، اس لیے اس کے مستقبل سے متعلق فیصلے چند سرکاری افسران یا فارم 47 کے مخصوص نمائندوں کی سفارشات کی بنیاد پر

(بقیہ 37 اندرونی صفحہ 2 پر)

پنجگور، پسکول برساتی نالے کے قریب سے نامعلوم شخص کی مسخ شدہ لاش برآمد

پولیس نے لاش تحویل میں لے کر شناخت اور ضروری کارروائی کے لیے ٹیچنگ ہسپتال منتقل کردی

پنجگور (یو این اے) ضلع پنجگور کے علاقے پسکول برساتی نالے سوراپک کے مقام سے ایک نامعلوم شخص کی مسخ شدہ لاش برآمد ہوئی ہے، جسے شناخت اور ضروری قانونی کارروائی کے لیے ٹیچنگ ہسپتال پنجگور منتقل کردیا گیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق مقامی افراد کی اطلاع پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش کو اپنی تحویل میں لے لیا اور ہسپتال منتقل کیا، جہاں لاش کی شناخت اور موت کی وجوہات جاننے کے لیے ضروری کارروائی کی جارہی ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے کے حوالے سے مزید تفتیش جاری ہے اور لاش کی شناخت کے لیے قریبی تھانوں اور علاقوں سے بھی معلومات حاصل کی جارہی ہیں۔ ضلع پنجگور کے علاقے پسکول برساتی نالے سوراپک کے مقام سے ایک نامعلوم شخص کی مسخ شدہ لاش برآمد ہوئی ہے، جسے شناخت اور ضروری قانونی کارروائی کے لیے ٹیچنگ ہسپتال پنجگور منتقل کردیا گیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق مقامی افراد کی اطلاع پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش کو اپنی تحویل میں لے لیا اور ہسپتال منتقل کیا، جہاں لاش کی شناخت اور موت کی وجوہات جاننے کے لیے ضروری کارروائی کی جارہی ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے کے حوالے سے مزید تفتیش جاری

(بقیہ 32 اندرونی صفحہ 2 پر)

پنجگور کے رہائشی کا خودکش بمبار بہن کے فتنہ الہندوستان سے وابستگی پر اعلانِ لاتعلقی

پنجگور (جی این ایم) پنجگور کے رہائشی غلام نبی نے خودکش بمبار بہن کے فتنہ الہندوستان سے وابستگی پر مکمل لاتعلقی کا اعلان کردیا۔ بلوچستان کے غیور عوام کا فتنہ الہندوستان (بی ایل اے) کے دہشت گردوں سے مسلسل لاتعلقی اور بیزاری کا اظہار کرنے کا سلسلہ جاری ہے، اس حوالے سے پنجگور کے رہائشی غلام نبی نے بہن صورت کے فتن الہندوستان میں شمولیت پر لاتعلقی اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ غلام نبی کا کہنا تھا کہ صورت اپنی دوستوں کے ہمراہ فتنہ

(بقیہ 33 اندرونی صفحہ 2 پر)

کوئٹہ، آٹے کی قیمتوں کو پر لگ گئے، پچاس کلو تھیلا 8 ہزار 500 روپے تک جا پہنچا

حکومتِ بلوچستان ذخیرہ اندوزی کی روک تھام اور سستے آٹے کی فراہمی یقینی بنائے، شہریوں کا مطالبہ

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ سمیت بلوچستان میں آٹے کی 50 کلو آٹے کی قیمت آٹھ ہزار پانچ سو روپے ہوگ ء ھے عوام کی قوت خرید جواب دے گئی ایکی قیمتوں میں اضافے نے پہلے سے مہنگائی کے بوجھ تلے دبے عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ کردیا ہیشہریوں کا کہنا ہے کہ روزمرہ استعمال کی بنیادی اشیائے خورونوش میں شامل آٹے کی قیمتیں عام آدمی کی قوتِ خرید سے باہر ہوتی جارہی ہیں۔ عوامی حلقوں نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ جب صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں آٹے کی یہ صورتحال ہے تو نوشکی، پنجپائی چمن، تفتان اور لورالائی سمیت بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں عوام کو کس قدر مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہوگا۔ شہریوں نے حکومت بلوچستان اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ آٹے کی دستیابی یقینی بنائے، قیمتوں کو کنٹرول کرنے اور ذخیرہ اندوزی و ناجائز منافع خوری کی روک تھام کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں تاکہ عوام کو سستے داموں آٹا فراہم کیا جاسکے۔ کوئٹہ سمیت بلوچستان میں آٹے کی 50

(بقیہ 81 اندرونی صفحہ 2 پر)

قومی اسمبلی کا اجلاس آئندہ ہفتے طلب کیے جانے کا امکان

اسلام آباد (جی این ایم) قومی اسمبلی کا اجلاس ایک پھر ری شیڈول ہونے کا امکان ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے آج (پیر کو) اجلاس طلب کرنے کی سمری تاحال تک صدر کو نہیں بھجوائی۔ پارلیمانی ذرائع کے مطابق وزارت پارلیمانی امور نے آج (پیر کو) شام 5 بجے اجلاس طلب کرنے کی سمری وزیراعظم کو بھجوائی تھی۔ ذرائع نے بتایا کہ صدر اور وزیراعظم کی ملاقات میں اجلاس ری شیڈول کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ پارلیمانی ذرائع کے مطابق

(بقیہ 35 اندرونی صفحہ 2 پر)

19 نومبر کو بلوچستان بھر میں شٹر ڈاؤن ہڑتال اور احتجاج کا اعلان

ہڑتال کامیاب بنانے کے لیے عوام اور سیاسی جماعتیں تعاون کریں، میر کبیر شہی

کوئٹہ (یو این اے) نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل میر کبیر احمد محمد شہی نے کہا ہے کہ آل پارٹیز کانفرنس کے مشترکہ اعلامیے کے مطابق 19 نومبر کو بلوچستان بھر میں شٹر ڈاؤن ہڑتال اور احتجاج کی کال کو کامیاب بنانے کے لیے عوام بھرپور تعاون کریں۔ انہوں نے نیشنل پارٹی کے بلوچستان بھر کے تمام ضلعی صدور اور جنرل سیکرٹریز کو ہدایت کی ہے کہ وہ ہڑتال اور احتجاج کو کامیاب بنانے کے لیے آل پارٹیز کانفرنس میں شریک سیاسی جماعتوں سے فوری رابطے کریں، مشترکہ حکمت عملی مرتب کریں اور عوامی سطح پر آگاہی و رابطہ مہم کو مؤثر بنائیں۔ میر کبیر احمد محمد شہی نے کہا کہ آل پارٹیز کانفرنس کا مشترکہ اعلامیہ بلوچستان کے اجتماعی مسائل اور عوامی مطالبات کی ترجمانی کرتا ہے، اس لیے تمام سیاسی جماعتوں اور عوام کو مشترکہ جدوجہد میں اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل میر کبیر احمد محمد شہی نے کہا ہے کہ آل پارٹیز کانفرنس کے مشترکہ اعلامیے کے مطابق 19 نومبر کو بلوچستان بھر میں شٹر ڈاؤن ہڑتال اور احتجاج

(بقیہ 36 اندرونی صفحہ 2 پر)

یومِ اعلانِ آزادی فلسطین، پاکستان کا آزاد خودمختار ریاست کے قیام کی حمایت کا اعادہ

صدر زرداری کا فلسطینی ہم منصب کے نام خط، ریاست فلسطین کے اعلانِ آزادی کی 38 ویں سالگرہ پر مبارکباد

حکومت اور پاکستانی عوام اس اہم موقع پر فلسطینیوں اور ان کی حکومت کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہیں، دفتر خارجہ

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان نے فلسطینی ریاست کی آزادی کے اعلان کی 38 ویں سالگرہ کے موقع پر فلسطین کی حکومت اور عوام کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے آزاد اور خودمختار فلسطینی ریاست کے قیام کے لئے اپنی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کیا ہے۔ سماجی پلیٹ فارم ایکس پر دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ حکومت اور پاکستانی عوام اس اہم موقع پر فلسطینیوں اور ان کی حکومت کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہیں۔ دفتر خارجہ نے اپنے پیغام میں واضح کیا کہ پاکستان فلسطینی عوام کے حق خودارادیت کی حمایت پر ثابت قدم ہے۔ دفتر خارجہ کی جانب سے یہ بھی کہا گیا کہ پاکستان ایک آزاد و خودمختار فلسطینی ریاست کے قیام کے اپنے اصولی موقف پر قائم ہے۔ دریں اثنا صدر مملکت آصف علی زرداری کا فلسطینی صدر محمود عباس کے نام خط، ریاست فلسطین کے اعلانِ آزادی کی 38 ویں سالگرہ پر فلسطینی صدر اور عوام کو

(بقیہ 34 اندرونی صفحہ 2 پر)

صوبائی دورے کے مثبت نتائج برآمد ہوں گے، مولانا عبدالواسع، آغا محمود شاہ

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع اور صوبائی سیکرٹری جنرل آغا محمود شاہ نے کہا ہے کہ جمعیت علما اسلام ایک منظم نظریاتی اور عوامی قوت کی حامل جماعت ہے جو ہر قسم کی سازشوں، دبا اور سیاسی ہتھکنڈوں کا مقابلہ اپنی پرامن جمہوری جدوجہد اور عوامی طاقت کے ذریعے کرے گی۔ قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن اور جماعت کی قیادت کے خلاف منفی پروپیگنڈے اور کردار کشی کی مہم سے جماعت کے کارکنوں کے حوصلے پست نہیں کیے جاسکتے بلکہ ایسے اقدامات سے کارکنوں میں مزید سیاسی بیداری اور تنظیمی استحکام پیدا ہورہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علما اسلام

(بقیہ 42 اندرونی صفحہ 2 پر)

چمن میں ضلعی انتظامیہ کا ایکشن، 30 ایکڑ پر کاشت بھنگ کی فصل تلف

غیر قانونی کاشت میں استعمال ہونے والی اراضی سرکاری تحویل میں لے لی گئی، مقدمہ درج کرکے تحقیقات شروع

چمن (خ ن) ضلعی انتظامیہ چمن، محکمہ ایکسائز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں نے منشیات کی غیر قانونی کاشت کے خلاف مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے تورتنگی، حسن زئی، بوستان کاریز اور ندا کاریز کے علاقوں میں تقریباً 30 ایکڑ اراضی پر کاشت کی گئی بھنگ تلف کردی۔ جس میں اسسٹنٹ کمشنر سٹی اورای ٹی او چمن کی قیادت میں ضلعی انتظامیہ، محکمہ ایکسائز، چمن پولیس، 40 ایف ایف، فرنٹیئر کور (FC)، اینٹی نارکوٹکس فورس (ANF) اور محکمہ زراعت کے اہلکاروں نے حصہ لیا۔ آپریشن کے دوران غیر قانونی طور پر بھنگ کی کاشت کے لیے استعمال ہونے والی اراضی کو محکمہ مال نے سرکاری تحویل میں لے لیا، جبکہ محکمہ ایکسائز کی جانب سے واقعے کا مقدمہ (FIR) بھی درج کر لیا گیا۔ ایکسائز حکام کے مطابق کارروائی پُرامن اور کامیابی کے ساتھ مکمل کی گئی۔ اس مشترکہ آپریشن کا مقصد منشیات کی غیر قانونی کاشت کا خاتمہ اور علاقے کو منشیات کے ناسور سے پاک کرنے کے لیے مؤثر اقدامات کرنا ہے۔ تاہم، آئندہ کارروائیوں کو مزید مؤثر بنانے کے لیے مالی وسائل کی کمی ایک اہم مسئلے کے طور پر سامنے آئی ہے۔ محکمہ ایکسائز کے افسران کا کہنا تھا کہ منشیات کی غیر قانونی کاشت کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی تاکہ معاشرے کو اس لعنت سے محفوظ بنایا جا سکے۔ فورس (ANF) اور محکمہ زراعت کے

(بقیہ 41 اندرونی صفحہ 2 پر)

پاکستان ریلوے نے کراچی میں 364 ایکڑ اراضی سے قبضہ واگزار کرالیا

اسلام آباد (یو این اے) پاکستان ریلوے نے مالی سال 2022-23 سے 2025-26 تک چار مالی سالوں کے دوران کراچی ڈویژن میں تقریباً 364 ایکڑ مقبوضہ اراضی واگزار کرائی، جس میں

(بقیہ 38 اندرونی صفحہ 2 پر)

ترکیہ سے ڈی پورٹ 8 پاکستانی شہریوں کے خلاف مقدمہ درج

اسلام آباد (جی این ایم) ایف آئی اے امیگریشن اسلام آباد نے ترکیہ سے ڈی پورٹ ہونے والے 8 پاکستانی شہریوں کے خلاف مقدمہ درج کرلیا۔ ابتد

(بقیہ 40 اندرونی صفحہ 2 پر)

خضدار، پولیس کی منشیات کیخلاف کارروائی، دو بین الصوبائی منشیات اسمگلرز گرفتار

ملزمان کے قبضے سے دو ہزار گرام چرس اور اسمگلنگ میں استعمال ہونے والی جی ایل آئی کار برآمد

خضدار (یو این اے) باغبانہ پولیس کی منشیات کے خلاف کامیاب کاروائیاں جاری، مزید دو بین الصوبائی منشیات اسمگلرز گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او باغبانہ ابراھیم شخ، و دیگر اہلکاروں نے خفیہ اطلاع پر باغبانہ ایریا میں کاروائی کرتے ہوئے بین الصوبائی منشیات اسمگلرز حکمت اللہ اور سمیع اللہ کو گرفتار کرکے ملزمان کے قبضہ سے دو ہزار گرام کے قریب چرس اور منشیات اسمگلنگ میں استعمال ہونیوالا جی ایل آئی کار برآمد کرکے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرکے تفتیش شروع کردی۔ باغبانہ پولیس کی منشیات کے خلاف کامیاب کاروائیاں جاری، مزید دو بین الصوبائی منشیات اسمگلرز گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او باغبانہ ابراھیم شخ، و دیگر اہلکاروں نے خفیہ اطلاع پر باغبانہ ایریا میں کاروائی کرتے ہوئے بین الصوبائی منشیات اسمگلرز حکمت اللہ اور سمیع اللہ کو گرفتار کرکے ملزمان کے قبضہ سے دو ہزار گرام کے قریب چرس اور منشیات اسمگلنگ میں استعمال ہونیوالا جی ایل آئی کار برآمد کرکے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرکے تفتیش شروع

(بقیہ 39 اندرونی صفحہ 2 پر)



کراچی: وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال لائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز کونسل کے سندھ ریجنل آفس کی نقاب کشائی کررہے ہیں

پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کا اجلاس، خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کی برسی کی تیاریوں کا جائزہ

کارکن 2 دسمبر کے جلسے کی کامیابی کے لیے گھر گھر رابطہ مہم تیز کریں، پارٹی رہنماء

کوئٹہ (یو این اے) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے ضلع کمیٹی کا اجلاس پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کی شہادت کی برسی کے جلسہ عام کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا اور تحصیلوں اور تشکیل دی گئی کمیٹیوں سے رپورٹس طلب کی گئی۔ تحصیل صدر کی رپورٹ نعیم پیر علیزئی، کچلاغ تحصیل رپورٹ ملک نادر کاکڑ، سریاب تحصیل رپورٹ سید عبدالخالق آغا اور سٹی تحصیل رپورٹ منان نصرت نے پیش کی۔ اجلاس میں پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز سردار حیات میرزئی، اقبال بڑے زئی، حفیظ ترین، دوست محمد لونی، ملک یاسین بازئی، نعمت کاکڑ، ضلع سینئر معاونین معلم سعید خان کاکڑ، جمشید دوتانی نے شرکت کی۔ اجلاس کی کارروائی ضلع سینئر معاون سیکرٹری نصیر کاکڑ نے سرانجام دی۔ اجلاس سے پارٹی رہنماں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 2 دسمبر کو جلسے کی کامیابی کے لیے پارٹی کارکنوں نے انتھک محنت کرنی ہوگی،

(بقیہ 44 اندرونی صفحہ 2 پر)

کوہاٹ میں سونا نکالتے ہوئے مٹی کا تودہ گرنے سے 3 مزدور جاں بحق

کوہاٹ (یو این اے) خیبر پختونخوا کے ضلع کوہاٹ کی تحصیل گمبٹ میں سونے کی غیر قانونی کان کنی کے دوران مٹی کا تودہ گرنے سے 3 مزدور جاں بحق ہو گئے ہیں۔ گمبٹ پولیس کے مطابق یہ واقعہ آج صبح درہ بوکاچ کے علاقے میں پیش آیا جہاں سونا نکالنے کی کوششوں کے دوران مٹی کا تودہ گرا جس کے نیچے 3 مزدور دب گئے۔ پولیس کے مطابق ملبے تلے دبے مزدوروں کی لاشیں نکال کر مقامی اسپتال منتقل کردی گئیں ہیں۔ اس سے قبل جنوری میں اسی تحصیل

(بقیہ 47 اندرونی صفحہ 2 پر)

خیبر پختونخوا کی سیاسی شخصیات نے جرائم پیشہ گروہ کی سرپرستی کی، اختیار ولی

متعدد سیاسی شخصیات نے کوہاٹ میں سرگرم ایک مبینہ جرائم پیشہ گروہ کو تحفظ فراہم کررکھا تھا، جس کے عوض بھتہ وصول کیا جاتا تھا

صوبائی وزیر امجد آفریدی سے منسلک ایک دوسرے گروہ کے افراد بھی اس مبینہ نیٹ ورک کا حصہ تھے، وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر

پشاور (جی این ایم) وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر اختیار ولی خان نے الزام عائد کیا ہے کہ خیبر پختونخوا کی متعدد سیاسی شخصیات نے کوہاٹ میں سرگرم ایک مبینہ جرائم پیشہ گروہ کو تحفظ فراہم کررکھا تھا، جس کے عوض بھتہ وصول کیا جاتا تھا۔ پشاور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے اختیار ولی خان نے دعویٰ کیا کہ اس گروہ کی سرپرستی کرنے والوں میں تحریک انصاف کے رکن قومی اسمبلی شہریار آفریدی، سینیٹر خرم ذیشان، گمبٹ کے تحصیل چیئرمین ساجد اقبال، پیپلز پارٹی کے رکن اسمبلی امجد آفریدی، سابق تحصیل چیئرمین احسان، جمعیت علمائے اسلام کے سابق رہنما سیف اللہ، سابق ضلعی امیدوار نسیم آفریدی اور سابق صوبائی اسمبلی کے امیدوار ایڈووکیٹ اعظم شامل ہیں۔ انہوں نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کے بھائی نوید اور سینیٹر خرم ذیشان کے قریبی عزیز اظہر بخاری کا نام بھی لیا اور دعویٰ کیا کہ ان شخصیات نے سابق وزیر قانون آفتاب عالم کے جلقے کو ہاٹ کے

(بقیہ 46 اندرونی صفحہ 2 پر)

ترقی وخوشحالی کے لیے امن وامان کا قیام بنیادی ضرورت ہے، امیر حمزہ زہری

جھالاوان اور خضدار میں امن و ترقی کے لیے خصوصی اقدامات کررہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ زہری سے جھالاوان ہاؤس کوئٹہ میں قبائلی و سیاسی رہنما سردار علی محمد جتک سمیت خضدار اور زہری سے تعلق رکھنے والے قبائلی و سیاسی رہنماؤں اور پارٹی کارکنوں نے ملاقات کی ملاقات میں علاقائی سیاسی صورتحال، جھالاوان میں قیام امن اور علاقے کی ترقی وخوشحالی سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ زہری سے جھالاوان ہاؤس کوئٹہ میں قبائلی و سیاسی رہنما سردار علی

(بقیہ 52 اندرونی صفحہ 2 پر)

ڈپٹی کمشنر گوادر کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر پسنی کی متاثرہ علاقوں میں پی ڈی ایم اے کے امدادی سامان کی تقسیم

مشکل گھڑی میں متاثرین کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، بحالی کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں: انتظامیہ

گوادر (پسنی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور حکومتِ بلوچستان کی پالیسی کے تحت قدرتی آفات اور مشکل حالات سے متاثرہ خاندانوں کو بروقت ریلیف کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی خصوصی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر پسنی عبدالکریم بگٹی نے تحصیلدار پسنی عبدالرحمان کے ہمراہ شادیکور، زہریں کہور اور گورستانی کے مختلف علاقوں سے نقل مکانی کرنے والے سینکڑوں متاثرہ خاندانوں میں پی ڈی ایم اے (PDMA) کی جانب سے فراہم کردہ امدادی سامان تقسیم کیا۔ تفصیلات کے مطابق مذکورہ علاقوں سے نقل مکانی کرنے والے متاثرہ خاندانوں نے ڈوسی، سالاچ اور کہہ ولطیف گوٹھ میں عارضی طور پر پناہ لے رکھی ہے، جہاں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے انہیں گھریلو استعمال کی ضروری اشیاء اور دیگر امدادی سامان فراہم کیا گیا تاکہ مشکل حالات میں ان کی بنیادی ضروریات پوری کرنے اور مشکلات کم کرنے میں مدد مل سکے۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر پسنی اور تحصیلدار پسنی نے متاثرہ خاندانوں سے ملاقات

(بقیہ 45 اندرونی صفحہ 2 پر)

پاکستان ریلوے نے 2 ٹرینوں کے اوقات کار تبدیل کردیئے

لاہور (جی این ایم) پاکستان ریلوے نے قراقرم اور پاک بزنس ایکسپریس کے اوقات کار تبدیل کردیئے۔ رپورٹ کے مطابق 41اپ / 42 ڈاؤن قراقرم ایکسپریس اور 33اپ / 34 ڈاؤن پاک بزنس ایکسپریس کے اوقات کار میں تبدیلی کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ قراقرم ایکسپریس، کراچی کینٹ لاہور براستہ مین لائن / Chord Line / شیخوپورہ / فیصل آباد، پاک بزنس ایکسپریس: کراچی کینٹ لاہور براستہ مین لائن / Chord Line /

(بقیہ 54 اندرونی صفحہ 2 پر)

نسی